

رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا
A.B.C Certified
بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | ہفتہ | 22 ربیع اول | 1448ھ | 05 ستمبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 53

ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی

وزیر اعلیٰ بلوچستان

دہشتگرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کو نقصان پہنچانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے

حکومت، سکیورٹی ادارے اور عوام متحد ہو کر امن دشمن عناصر کا مقابلہ کر رہے ہیں دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے قومی کوششیں جاری ہیں اور بلوچستان میں امن و ترقی کے سفر کو ہر صورت آگے بڑھایا جائے گا

میر سرفراز بگٹی کا قلات میں سکیورٹی فورسز جبکہ بھاگ کچھی میں بلوچستان پولیس اور اینٹی ٹیررسٹ فورس (اے ٹی ایف) کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے افسران اور جوانوں کو خراج تحسین پیش

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات میں سکیورٹی فورسز جبکہ بھاگ کچھی میں بلوچستان پولیس اور اینٹی ٹیررسٹ فورس (اے ٹی ایف) کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے افسران اور جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

خارجہ سیکرٹری کی تعیناتی سے متعلق وزیراعظم ہاؤس میں اہم فیصلے کا مرحلہ شروع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے خارجہ سیکرٹری (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے نائب صدر کی وزیراعظم سے ملاقات

دونوں رہنماؤں نے کئی دہائیوں پر محیط ترقیاتی شراکت داری کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایشین ڈویلپمنٹ بینک (اے ڈی بی) کے جنوبی، وسطی اور مغربی ایشیا کے نائب صدر ینگ منگ یانگ کے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے صدر وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے

آصف زرداری، شہباز شریف

صدر اور وزیراعظم کا قلات میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشتگردی کے ناسور کو ہر قیمت پر شکست دی جائے گی، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع قلات میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت وزارت خارجہ میں اہم اجلاس

حالیہ غیر ملکی دوروں میں طے پانے والی مفاہمتوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا، ترجمان

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت وزارت خارجہ میں اہم اجلاس، حالیہ غیر ملکی دوروں میں طے پانے والی مفاہمتوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

منشور کے اصولوں اور مقاصد سے پاکستان کی پختہ وابستگی کا اعادہ

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے امیدوار کی وزیراعظم سے ملاقات

پاکستان کثیر الجہتی نظام اور عالمی امور میں اقوام متحدہ کے مؤثر کردار کی بھرپور اور مستقل حمایت جاری رکھے گا، وزیراعظم شہباز شریف

موجودہ عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم اور کثیر الجہتی تعاون کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کے امیدوار سفیر اولارا اوتونو نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ ان کے ہمراہ یوگنڈا کے صدر کے خصوصی ایلچی اور یوگنڈا کے سابق وزیراعظم روہا کانا روگونڈا بھی تھے۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں۔ ملاقات (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

دہشتگردوں سے برآمد ہونے والا گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد موقع پر تباہ، 72 گھنٹوں کے دوران بلوچستان میں مختلف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 48 دہشتگرد ہلاک کیے گئے ہیں، آئی ایس پی آر

بھاگ، مسلح افراد نے بینک اور پولیس تھانے کو آگ لگادی، فورسز کی کارروائی میں 3 دہشتگرد ہلاک، چار زخمی

قلات سکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بنیاد پر آپریشن کے دوران 12 دہشتگرد جہنم واصل

کچھی بھاگ شہر میں مسلح دہشت گردوں کا بھاری ہتھیاروں کے ساتھ حملہ شدید فائرنگ راکٹ لانچر کے گولے داغنے اور ہینڈ گرینڈز سے حملے کے نتیجے میں نیشنل بینک تباہ پولیس تھانہ میں کھڑی گاڑیاں موٹر سائیکل ودیگر سرکاری ریکارڈ جل گیا

بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مستونگ، کوئٹہ، قلات اور سبی میں متعدد انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے، مستونگ میں 6 دہشت گرد مارے گئے

کوئٹہ کے علاقے شعبان میں فتنہ الخوارج کے 4 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، کارروائی میں 26 خوارج ہلاک ہوئے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں اور سہولت کاروں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلات میں سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بنیاد پر آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان کے 12 دہشتگردوں کو ہلاک کرکے بھاری مقدار (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی بھاگ شہر میں مسلح دہشت گردوں کا بھاری ہتھیاروں کے ساتھ حملہ شدید فائرنگ راکٹ لانچر کے گولے داغنے اور ہینڈ گرینڈز سے حملے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی، کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مستونگ، کوئٹہ (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

نارووال میں بارشوں سے متاثر ہندو مندر سے متعلق بھارتی دعویٰ مسترد

بھارتی قیادت کو مسلمانوں، سکھوں اور مسیحیوں پر ظلم کا جوابدہ ٹھہرایا جائے، ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے نارووال کے اڈہ سراج میں ہندو مندر توڑنے سے متعلق بھارتی وزارتِ خارجہ کے دعوے کو مسترد کردیا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے اپنے بیان میں کہا کہ مندر سے متعلق بھارتی وزارتِ خارجہ کے دعوے جھوٹے اور سیاسی مقاصد پر مبنی ہیں، بھارت حقائق مسخ کررہا اور سستی چالوں کا سہارا لے رہا ہے۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

مشکل معاشی بحالی کا مرحلہ کامیابی سے عبور کرلیا کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے معاشی منظرنامے کو مستحکم قرار دیا

شہباز شریف

وزیراعظم اور اے ڈی بی کے نائب صدر کی ملاقات، ایم ایل ون اور معاشی شراکت داری پر تفصیلی گفتگو، ترقیاتی شراکت داری کا جائزہ لیا

کنٹری پارٹنر شپ اسٹریٹیجی 2026-2030 کی ترجیحات کو مؤثر اقدامات میں ڈھال کر عوام کے معیارِ زندگی میں بہتری لانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مشکل معاشی بحالی کا مرحلہ کامیابی سے عبور کرلیا، کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے معاشی منظرنامے کو مستحکم قرار دیا ہے، س وزیراعظم سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک (اے ڈی بی) کے جنوبی، وسطی اور مغربی ایشیا کے نائب صدر ینگ منگ یانگ نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور اے ڈی بی کے مابین کئی دہائیوں پر محیط ترقیاتی شراکت داری کا جائزہ لیا گیا اور نئی کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹیجی (CPS) 2030-2026 کے تحت ترجیحی شعبوں میں اقدامات پر (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

نجی شعبے کا سرمایہ متحرک کرنا پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے ناگزیر ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی کے لیے نجی شعبے کا سرمایہ متحرک کرنا ناگزیر ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر حکومت کی نئی 8 رکنی کابینہ نے حلف اٹھالیا، قائمقام صدر نے حلف لیا

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر حکومت کی نئی 8 رکنی کابینہ نے حلف اٹھالیا ہے، وزرا سے قائم مقام صدر چوہدری طارق فاروق نے حلف لیا۔ تفصیلات کے مطابق 8 رکنی (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں منشیات کیخلاف جنگ میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں

میر سرفراز بگٹی

نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور سے محفوظ بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں

جو منشیات کے خلاف حکومت کے پختہ عزم اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مؤثر کارکردگی کا مظہر ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت منشیات کے خلاف جنگ میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور سے محفوظ بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ دو برس کے دوران بلوچستان میں قانون نافذ کرنے والے (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

کچھ ممالک نے مکہ دفاعی اتحاد میں شامل ہونے میں دلچسپی ظاہر کی ہے

خواجہ آصف

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ سے متعلق آئندہ اجلاس اکتوبر کے شروع میں ہوگا، وزیر دفاع

سیکرٹری جنرل اور اس کے نیچے کے ڈھانچہ اور دفاتر پر بات چیت ہوئی ہے، پارلیمنٹ میں صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کچھ ممالک نے مکہ دفاعی اتحاد میں شامل ہونے میں دلچسپی ظاہر کی ہے، نئے ممبران کی شمولیت سے متعلق مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے سے متعلق کمیٹی کا آئندہ اجلاس اکتوبر کے آغاز میں ہوگا، مقام کا فیصلہ مشاورت سے کیا جائیگا تاہم ممکنہ طور پر اجلاس پاکستان میں ہوسکتا ہے، فیصلہ قیادت کرے گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو میں خواجہ آصف نے (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

وزیراعظم یوتھ پروگرام، یونیورسٹی آف لاہور اور ایزمر کے درمیان لیٹر آف انٹینٹ پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام، یونیورسٹی آف لاہور اور ٹریننگ اینڈ ٹیکنالوجی آرگنائزیشن ایزمور کیکنسورشیم کے درمیان لیٹر آف انٹینٹ پر دستخط کئے گئے۔ جمعہ کو وزیراعظم یوتھ پروگرام سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم یوتھ پروگرام اور یونیورسٹی آف لاہور اور ایزمور کے کنسورشیم کے درمیان پاکستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کے طلبہ وطالبات کا پی ایم اے کاکول کا مطالعاتی دورہ

طلبہ نے پی ایم اے کاکول میں کیڈٹس کی تعلیم، تربیت، نظم وضبط اور پیشہ ورانہ تیاری کا مشاہدہ اپنے لیے بہترین تجربہ قرار دیا

راولپنڈی (این این آئی) آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کے طلبہ و طالبات نے پاکستان ملٹری اکیڈمی (پی ایم اے) کاکول کا مطالعاتی دورہ کیا۔ دورے کے دوران طلبہ و طالبات نے کیڈٹس کی پریڈ، تربیتی سرگرمیوں اور اکیڈمی کے مختلف (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

جو کام نہیں کررہا اسے فوری فارغ کریں، مصطفیٰ کمال

وفاقی وزیر صحت پمز کے دورے پر پرائیویٹ رومز کی حالت دیکھ کر برہم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پمز کے کارڈیک سینٹر کا دورہ کیا اور مختلف رومز کا جائزہ لیا۔ مصطفیٰ کمال نے پمز میں الیکٹرو فیزیالوجی کیتھ لیب کا دورہ کیا اور مریضوں کی مشکلات اور سہولتوں کے بارے میں پوچھا۔ وفاقی وزیر صحت پمز کارڈ (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

پمز اسلام آباد میں آتشزدگی، نومولود بچوں کی ہلاکت پر سینیٹر سرمد علی کا اظہار افسوس

ہسپتال عوام کیلئے تحفظ، علاج اور شفا کے مراکز ہونے چاہئیں، انہیں خوف اور خطرے کا باعث نہیں بنا چاہیے

اسلام آباد (پ ر) سینیٹر سرمد علی نے پمز اسلام آباد میں آتشزدگی کے المناک واقعے میں معصوم نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹر سرمد علی نے کہا کہ معصوم نومولود بچوں کی جانوں کا ضیاع انتہائی دلخراش اور ناقابلِ تلافی سانحہ ہے۔ ہر بچے کو (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع وشہدا: کشمیری نوجوانوں کا شہدا وغازیوں کی قربانیوں اور وطن سے وفاداری کو سلام

اسلام آباد (این این آئی) یوم دفاع و شہدا کی مناسبت سے کشمیری نوجوانوں کی جانب سے شہدا اور غازیوں کی قربانیوں اور وطن سے وفاداری کو سلام پیش کیا گیا۔ آزاد جموں وکشمیر کے نوجوانوں نے وطن کی سلامتی، خودمختاری اور قومی اتحاد کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ آزاد جموں وکشمیر کے نوجوانوں نے شہدا اور غازیوں کو خراج (بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد؛ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی اسٹریٹ موومنٹ کے دوران کارکنان کے نعروں کا جواب دے رہے ہیں

پاکستان کو دوبارہ عروج و زوال کے معاشی چکر میں نہیں جانے دیں گے

وفاقی وزیر خزانہ

معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب بڑھنا ہے، ہمیں نجی شعبے کو ملک کی معاشی قیادت کا کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ہے: سینیٹر محمد اورنگزیب

آئی ٹی برآمدات میں فری لانسرز نے 1.6 ارب ڈالر کا حصہ ڈالا، اشیا کی برآمدات تقریباً 30 ارب ڈالر پر برقرار ہیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے مشکل فیصلوں کے نتیجے میں معاشی استحکام حاصل ہوا، پاکستان کو دوبارہ عروج و زوال کے معاشی چکر میں نہیں جانے دیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ ایف بی آر کی ٹیکس وصولیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، ایف بی آر کی آمدن میں گزشتہ برسوں کے دوران چالیس فیصد اضافہ ہوا، ایف بی آر کا ٹیکس ٹو جی ڈی پی (بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر)

پرائیویٹ پبلک پارٹنرشپس، نجکاری پاکستان کی مستقبل کی معاشی ترقی کیلئے اہم ہے، محمد علی

اسلام آباد (این این آئی) مشیر نجکاری اور چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی نے کہا ہے کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپس (پی پی پیز) اور نجکاری ملک کی مستقبل کی اقتصادی ترقی کیلئے (بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر)

آذربائیجان کے ساتھ دوطرفہ تجارت کا فروغ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، سفیر قاسم محی الدین

دونوں ممالک کے کاروباری شعبوں کو مزید قریب لانے کے لیے کوششیں جاری ہیں، پاکستانی سفیر

اسلام آباد (این این آئی) آذربائیجان میں پاکستان کے سفیر قاسم محی الدین نے کہا ہے کہ ترجیحی تجارتی معاہدے کے تحت ہمارے برادر ممالک نے متعدد مخصوص اشیا پر ٹیرف میں رعایتیں دینے کی راہ ہموار کی ہے، ترجیحی تجارتی معاہدے کے ساتھ ساتھ ٹرانزٹ (بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر)

معاشی خودمختاری کے لیے 100 ارب ڈالر برآمدات کا ہدف ناگزیر ہے

احسن اقبال

چیلنجز سے نمٹتے ہوئے دستیاب تمام وسائل کو بروئے کار لانا اور برآمدات میں تنوع لانا وقت کی اہم ضرورت ہے

آئی ایم ایف کے پاس بار بار جانا معاشی مسائل کا مستقل حل نہیں، برآمدات بڑھا کر ہی پائیدار ترقی ممکن ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ 2035 تک پاکستان کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لیے برآمدات میں نمایاں اضافہ ناگزیر ہے، کیونکہ برآمدات میں مطلوبہ کارکردگی نہ دکھانا ہی ملک کے معاشی بحران کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ زرعی برآمدات سے استفادہ کرنے کے حوالے سے منعقدہ گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

دریائے سندھ اور معاون دریاؤں میں پانی کی صورتحال

لاہور (آن لائن) ترجمان واپڈا کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ملک کے اہم دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری ہے، (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

ستمبر 1965 کی جنگ، چوتھے روز سیکنڈ لیفٹیننٹ شبیر شریف نے نہایت بہادری اور دلیری کا مظاہرہ کیا

بے مثال قیادت، بہادری اور جنگی صلاحیت کے اعتراف میں ستارہ جرات سے نوازا گیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ستمبر 1965 کی جنگ کے چوتھے روز سیکنڈ لیفٹیننٹ شبیر شریف نے نہایت بہادری اور دلیری کا مظاہرہ کیا، ان کو بے مثال قیادت، بہادری اور جنگی صلاحیت کے اعتراف میں ستارہ جرات سے نوازا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جنگ کے (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

سنگین الزامات، صدر پی ٹی آئی پختونخوا جنید اکبر کی شاہ فرمان سے متعلق مبینہ آڈیو لیک

شاہ فرمان نے بھائی کو ٹکٹ دیا، ایک ٹھیکہ دار سے اپنے خرچے چلاتا تھا، جنید اکبر کا الزام

پشاور (این این آئی) صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا جنید اکبر کی سابق گورنر اور پارٹی رہنما شاہ فرمان کے حوالے سے مبینہ آڈیو لیک ہوگئی۔ مبینہ آڈیو لیک میں جنید اکبر کو کہتے سنا جا سکتا ہے کہ شاہ فرمان کو پتا ہونا چاہیے کہ سب سکیم فنڈز ملاکنڈ کو ملا ہے، کبھی کسی سے اپنے لیے یار (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع و شہدا: پاک فوج، ایف سی اور پولیس ملک و قوم کی حفاظت کیلئے پرعزم

دشمن نے جب بھی میلی آنکھ سے دیکھا تو ہم نے جانوں کا نذرانہ دے کر ملک بچایا، سکیورٹی اہلکار

فورسز کے بہادر جوانوں کے عزم سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ہر قسم کے اندرونی و بیرونی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سینہ سپر ہیں

اسلام آباد (این این آئی) یوم دفاع و شہدا کے موقع پر پاک فوج، فرنٹیئر کور اور خیبر پختونخوا پولیس نے ملک و قوم کی حفاظت کے لیے اپنا عزم دہرایا ہے۔ یوم دفاع وشہدا پر پاک فوج، فرنٹیئر کور اور خیبر پختونخوا پولیس کے اہلکاروں نے وطن پر مر مٹنے کے عزم کا اعادہ کرتے (بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر)

سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور کیس رپورٹ، تعداد 41 تک پہنچ گئی

سندھ میں اب تک 28 اور کراچی میں 13 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ میں منی پاکس کے ایک اور کیس کی تشخیص ہوگئی جس کے بعد تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 41 پہنچ گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اندرون سندھ کے 19 سالہ نوجوان میں ایم پاکس کی تشخیص ہوئی، متاثرہ مریض کو گزشتہ روز نیپا ہسپتال لایا (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

2 کروڑ بچے آن لائن جنسی استحصال کا شکار ہوتے ہیں، یونیسیف

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے ادارے یونیسیف کی نئی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ 21 ممالک میں تقریبا 2 کروڑ بچے، عمر 12 سے 17 سال، ایک سال (بقیہ نمبر 73 صفحہ 3 پر)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا نیپال کے سفارتخانے کا دورہ

سیلاب سے جانی نقصان پر اظہار افسوس، تعزیتی کتاب میں تاثرات درج کئے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے اسلام آباد میں نیپال کے سفارتخانے کا دورہ کیا اور نیپال میں تباہ کن سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں ہلاک ہونے والے افراد کی یاد میں تعزیتی کتاب میں اپنے تاثرات درج کئے (بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر)

سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس وفاقی اردو یونیورسٹی کے سینڈیکیٹ اجلاس کے فیصلے مسترد

وفاقی اردو یونیورسٹی مالی و انتظامی بحران کا شکار، سینیٹ قائمہ کمیٹی کا انتظامی معاملات درست کیے بغیر فنڈز دینے سے انکار

جامعہ اردو میں مبینہ بے ضابطہ بھرتیوں، غیر فعال سینیٹ وسنڈیکیٹ اور پنشنز کی عدم ادائیگی کا انکشاف، سب کمیٹی قائم

کراچی (آن لائن) وفاقی اردو یونیورسٹی مالی اور انتظامی بحران کی سنگین صورتحال سے دوچار، سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کے اجلاس میں یونیورسٹی میں مبینہ بے ضابطہ بھرتیوں، غیر فعال سینیٹ و سنڈیکیٹ، اساتذہ اور ریٹائرڈ ملازمین کو واجبات و پنشن کی عدم ادائیگی سمیت متعدد اہم معاملات پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا۔ کمیٹی نے واضح کیا کہ ہر مسئلے کا ذمہ دار وفاقی حکومت کو قرار نہیں دیا جاسکتا، یونیورسٹی کو پہلے اپنے (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

دنیا بھر میں غیر قانونی سرگرمیوں اور بدامنی میں ملوث افغانیوں کے گرد گھیرا مزید تنگ

ترکیہ میں جنوری تا اگست تقریبا 95 ہزار غیر قانونی تارکین وطن حراست میں لیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) سنگین جرائم میں ملوث غیر قانونی مقیم افغان مہاجرین میزبان ممالک کیلئے سیکیورٹی اور انتظامی چیلنج بنتے جارہے ہیں۔ افغان جریدہ خامہ پریس کے مطابق ترکیہ میں رواں سال کے پہلے 8 ماہ میں 25 ہزار سے زائد غیر قانونی مقیم افغان باشندے (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

سکیورٹی اداروں کی قربانیاں پاکستان میں پائیدار امن اور استحکام کی راہ ہموار کریں گی: طاہر اشرفی

معرکہ حق میں پاکستان کی کامیابی کے بعد دشمن قوتوں نے ملک کو غیر مستحکم کرنے کی کوششیں تیز کردی ہیں

پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین کی بلوچستان میں سکیورٹی اہلکاروں پر حالیہ حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین اور قومی پیغام امن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے بلوچستان میں پاکستان کے سکیورٹی اہلکاروں پر حالیہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی مسلح افواج اور سکیورٹی اداروں کی (بقیہ نمبر 74 صفحہ 3 پر)

قومی اسمبلی کا اجلاس 21 ستمبر کو بلانے کا فیصلہ اہم قانون سازی اور نئے صوبوں کے معاملے پر بحث متوقع

نئے صوبوں کے معاملے سمیت دیگر اہم قومی امور پر سیاسی بحث کے حوالے سے بھی خصوصی اہمیت اختیار کرسکتا ہے

وزارت پارلیمانی امور آئندہ ہفتے اجلاس طلبی کی سمری وزیراعظم کو بھجوائے گی، منظوری کے بعد صدر مملکت اجلاس طلب کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کا اجلاس 21 ستمبر کو بلانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزارتِ پارلیمانی امور آئندہ ہفتے قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کرنے کی سمری تیار کرکے وزیراعظم کو بھجوائے گی، وزیراعظم کی منظوری کے بعد سمری صدر مملکت کو ارسال (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے یو این ویمن کے نمائندے داؤد تنگیال اور سائرہ والہری ملاقات کررہی ہیں

حج پیکیجز ڈیجیٹل پورٹل پر اپ لوڈ، پرائیویٹ حج سکیم کی بکنگ میں تیزی

اسلام آباد (این این آئی) وزارتِ مذہبی امور کی ہدایت پر بیشتر حج منظم کمپنیوں نے اپنے حج پیکیج ڈیجیٹل پورٹل پر اپ لوڈ کردیئے، پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے پرائیویٹ حج سکیم کی بکنگ میں تیزی آ گئی۔ ترجمان وزارتِ مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ حج سکیم کے تحت 16 بنیادی حج پیکیج فائنل کیے گئے ہیں (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

جوس میں نشہ آور شے پلا کر فارم ہاؤس میں اسلام آباد کی رہائشی خاتون کا گینگ ریپ

فیملی سے ملوانے کا جھانسہ دے کر فارم ہاؤس لے جایا گیا جہاں اسے زیادتی کا نشانہ بنایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سیکٹر ای الیون اسلام آباد کی رہائشی خاتون کے ساتھ مبینہ اجتماعی زیادتی کا واقعہ پیش آیا، ٹیکسلا پولیس نے مبینہ زیادتی اور اغوا کے جرم میں مقدمہ درج کرلیا۔ مقدمہ متاثرہ خاتون کی مدعیت میں دفعہ 375 اور 367 اے کے تحت درج کیا (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

پیٹرول سمیت مختلف اشیا کی قیمتیں بڑھنے سے مہنگائی میں اضافہ

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی 0.65 فیصد بڑھ گئی اور مہنگائی کی مجموعی سالانہ شرح 8.35 فیصد ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرول سمیت مختلف اشیا کی قیمتیں بڑھنے سے ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافہ ہوگیا۔ وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں ہفتہ وار مہنگائی 0.65 فیصد بڑھ گئی اور مہنگائی کی (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

بختاور بھٹو زرداری بچوں اور شوہر کے ہمراہ لندن پہنچ گئیں

لندن (این این آئی) صدر آصف علی زرداری کی بیٹی بختاور بھٹو زرداری اپنے بچوں اور شوہر محمود چودھری کے ہمراہ لندن پہنچ گئیں۔ بختاور اپنے والد صدر آصف علی زرداری کے ساتھ تقریبا ایک ہفتہ قیام کریں گی۔ ادھر آصفہ بھٹو زرداری کی بھی آئندہ چند روز میں لندن آمد متوقع ہے جبکہ ان کے بھائی اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی بھی لندن آمد متوقع ہے۔

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی سے میر عاصم کرد گیلو ملاقات کررہے ہیں

روزنامہ عوام
ایڈیٹرانچیف وسیم احمد
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755
ہفتہ 05 ستمبر 2026ء

ترقی اور خوشحالی حکومت کی ترجیحات

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ ملک کے نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے متعلقہ منصوبوں پر عملدرآمد مزید تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ آزاد کشمیر میں حالیہ انتخابات کے انعقاد اور انتخابی عمل کے حوالے سے بھی وزیراعظم کو آگاہ کیا۔ وزیراعظم نے آزاد کشمیر کے انتخابات کے انعقاد اور انتخابی عمل کے حوالے سے انجینئر امیر مقام کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ دوسری جانب چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے وزیراعظم سے ملاقات میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری اقدامات، منصوبوں اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ملاقات میں نوجوانوں کو جدید تعلیم و تربیت، مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنر کی فراہمی، ڈیجیٹل معیشت میں نئے مواقع پیدا کرنے، روزگار اور کاروبار کے مواقع بڑھانے سمیت مختلف منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری تعلیمی، ہنرمندی، ڈیجیٹل اور فلاحی پروگراموں کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے اور ان کے مؤثر و شفاف نفاذ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ ملک کا نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کو مزید مؤثر، نتیجہ خیز اور نوجوانوں کی حقیقی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے۔

مصطفیٰ کمال کی اپنے بیان کردہ "کولیپس بندوبستِ حکومت" میں موجودگی

تحریر۔ نصرت جاوید

یہ سوچ تسلیم کر لینے میں کوئی حرج نہیں کہ اپریل 2022ء سے متعارف ہوا حکومتی بندوبست رعایا کی اکثریت کو متحرک و متاثر نہیں کر پا رہا۔ اس سے اکتاہٹ کی بے شمار وجوہات گنوائی جا سکتی ہیں۔ اس جانب توجہ مبذول رکھنے کے بجائے گزشتہ کچھ دنوں سے یہ سوچنے کو ترجیح دے رہا ہوں کہ مذکورہ بندوبست سے کامل نجات پا لینے کے بعد "نیا نظام" کیسے لاگو ہو اور اس کے بنیادی خدوخال کیا ہو سکتے ہیں۔

بے بس رعایا کا عام رکن ہوتے ہوئے موجودہ بندوبستِ حکومت سے نہایت واجب بنیادوں پر بیزاری محسوس کروں تو یہ انہونی تصور نہیں ہوگی۔ حیرت مگر اس وقت ہوتی ہے جب اسی بندوبستِ حکومت کے صدقے طاقتور عہدوں پر فائز چند افراد ماتمی انداز میں اس کے "کولیپس" ہونے کا ذکر کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر صحت جناب مصطفیٰ کمال بھی ایسے ہی افراد میں شامل ہیں۔

موصوف کا میں کبھی مداح نہیں رہا۔ ایم کیو ایم کی بدولت کئی برسوں تک آبادی کے اعتبار سے پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی کے "پوسٹر بوائے" جیسے میئر رہے تھے۔ اقتدار گیا تو کچھ عرصہ سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر لی۔ 2018ء کے انتخاب کے قریب مگر ایم کیو ایم پر سنگین الزامات لگانے کے بعد "پاک سرزمین پارٹی" کے نام سے نئی جماعت بنا لی۔ میں اس جماعت کو طنزاً "کمال کی ہٹی" پکارتا رہا۔ صحافی دوستوں کی مؤثر تعداد مگر مصر رہی کہ مذکورہ جماعت کے حقیقی یا مبینہ سرپرست "کمال کی ہٹی" کے ذریعے ایم کیو ایم کے ووٹ بینک سے "صاف ستھرے محبانِ وطن" کو سیاسی میدان میں آگے بڑھا سکیں گے۔ کراچی کی سیاست سے 1970ء کی دہائی سے ذاتی تجربات کی بدولت آگاہ ہوئے اس قلم گھسیٹ نے ہمیشہ اس سوچ سے اختلاف کیا۔

ایک ٹیلی وژن نیٹ ورک کا ملازم ہونے کی وجہ سے 2018ء کے انتخابات کے بارے میں کراچی میں چند دن رہتے ہوئے مشاہدے اور تبصرہ آرائی کے مواقع ملے۔ ٹی وی سٹوڈیو سے نکل کر کراچی کے سیاسی اعتبار سے اہم ترین علاقوں میں پیدل چلتے ہوئے عام افراد سے چائے کے ڈھابوں پر رات گئے تک گفتگو میں مصروف رہتا۔ محض تین دنوں میں دریافت کر لیا کہ ایم کیو ایم سے خفا ہوئے لوگوں کی اکثریت اب کی بار تحریک انصاف کو ووٹ دینا چاہے گی اور بالآخر غلط ثابت نہ ہوا۔

وقت گزرنے کے ساتھ سیاست میں نئی گیم لگی تو مصطفیٰ کمال پاکستان کے لاحقے کے ساتھ بنائی ایم کیو ایم میں لوٹ آئے۔ 2024ء کے انتخابات کے بعد وزیر صحت کے منصب پر فائز ہو گئے۔

وفاقی وزارت صحت اسلام آباد میں سرکاری طور پر چلائے فقط دو ہسپتالوں کا نگران و نگہبان ہے۔ مصطفیٰ کمال اس شہر سے کئی گنا زیادہ آبادی والے کراچی کے میئر رہے تھے۔ اصولی طور پر وفاقی وزیر صحت کے عہدے پر ان کا فائز ہونا ہم عاجزوں کو یہ معجزہ دکھا سکتا تھا کہ کراچی جیسے شہر کے میئر رہے مصطفیٰ کمال نے اسلام آباد کے دو ہسپتالوں کو اپنی محنت و ذہانت کی بدولت پاکستان بھر کے لئے مثالی بنا دیا ہے۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ بدقسمتی سے چند دن قبل بلکہ اسلام آباد کے مرکزی ہسپتال پمز میں جاپانی حکومت کی مدد سے تعمیر اور جدید ترین آلات سے لیس ہوئی انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں آگ بھڑک اٹھی۔ اس کے نتیجے میں 14 نومولود بچوں کی موت نے صاحبِ دل افراد کو اداس کر دیا۔

مصطفیٰ کمال کا دیرینہ اور تقریباً متعصب ناقد ہونے کے باوجود یہ حقیقت سراہنے کو مجبور ہوں کہ سانحہ پمز کی خبر سنتے ہی مصطفیٰ کمال صاحب نے اپنا استعفیٰ وزیراعظم کو بھجوا دیا تھا۔ وہ منظور نہ ہوا تو پمز پہنچ کر تلخ مگر بنیادی سوالوں کے جواب فراہم کرنے کے بجائے صحافیوں اور وہاں موجود عام افراد سے گلی کے لونڈوں کی طرح الجھنا شروع ہو گئے۔ دکھی دلوں کو تسلی دینے کے بجائے اصرار کرتے رہے کہ جس حکومتی بندوبست کا وہ حصہ ہیں وہ "کولیپس" کر چکا ہے۔ اسکی اصلاح ممکن نہیں۔ پمز جیسے سرکاری ہسپتال وزیر صحت کو جوابدہ محسوس نہیں کرتے۔ طاقتور حلقوں میں اپنے سرپرستوں کی شفقت نے انہیں بے لگام بنا رکھا ہے۔

آئین کا ادنیٰ طالب علم ہوتے ہوئے بخوبی جانتا ہوں کہ وزارت کا منصب سنبھالنے سے قبل اس کے لئے نامزد شخص کو حلف اٹھانا ہوتا ہے۔ ہمارے آئین میں تحریری طور پر میسر حلف نامہ نامزد وزیر کو اپنے فرائض منصبی بلاخوف یا خطر نبھانے کا عہد باندھنے کو مجبور کرتا ہے۔ جان کی امان پاتے ہوئے مصطفیٰ کمال صاحب سے فقط یہ جاننا چاہوں گا کہ اسلام آباد کے محض دو سرکاری ہسپتالوں کے غیر مؤثر نگران ہونے کا ادراک انہیں اگر ہو گیا تھا تو استعفیٰ دینے کے لئے سانحہ پمز کا انتظار کیوں کرتے رہے۔ سانحہ پمز کے بعد اگر وہ اس کے ذمہ داروں کی نشاندہی اور انہیں کماحقہ سزائیں دلوانے کے امکان دیکھ نہیں پا رہے تھے تو وزیر اعظم کی فرمائش پر استعفیٰ واپس کیوں لیا؟ میری ناقص رائے میں اگر وہ اپنے استعفیٰ پر ڈٹے رہنے کے بعد وفاقی کابینہ سے الگ ہو کر وزیر اعظم کو بھی تواتر سے یاد دلانا شروع ہو جاتے کہ موجودہ بندوبستِ حکومت کی اصلاح ممکن نہیں تو میں انہیں پرخلوص سنجیدگی سے سننے کو مجبور ہو جاتا۔ حکومتی بندوبست کا حصہ ہونے کے باوجود اس کے کولیپس اور ناقابل اصلاح ہونے کی تکرار جھکی اذہان کو فقط یہ پیغام دیتی ہے کہ سسٹم کو "ری سیٹ" کرنے کی دہائی مچانے والے وزراء اپنے منصب سے جڑی مراعات سے مسلسل فیض یاب ہونا چاہتے ہیں۔ گلے سڑے نظام سے اپنا حصہ نکالنا مردار خوری تصور کیا جا سکتا ہے اور نظام کو "ری سیٹ" کرنے کے بلند آہنگ داعیوں کو یہ رویہ ہرگز زیب نہیں دیتا۔

مزید لکھنے کے بجائے نہایت عاجزی سے ہاتھ باندھ کر مصطفیٰ کمال صاحب سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سانحہ پمز نے آپ کو گلے سڑے نظام کی اصلاح کا نادر موقعہ فراہم کیا ہے۔ صحتِ عامہ کے نظام نے برطانیہ کے حکومتی بندوبست کو دنیا بھر کے لئے قابل تقلید بنا دیا تھا۔ امریکہ کے عوام دوست سیاست دانوں نے اس نظام کی بہتری اور اسے غریب افراد کی دیکھ بھال کے قابل بنانے کی بدولت نیک نامی کمائی ہے۔ مصطفیٰ کمال بھی اس پر توجہ دیتے ہوئے خود کو بالآخر مردہ اور گلے سڑے بندوبستِ حکومت کا حتمی مسیحا ثابت کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆

زرداری ٹس سے مس نہیں، نقوی بھی ڈٹے ہیں۔۔۔لندن میں پیغام پہنچ گیا، جواب ابھی باقی ہے!

تحریر۔ محمد اکرم چوہدری

پاکستان کی سیاست میں پیغام رساں ہمیشہ خط لے کر نہیں آتے، بعض اوقات وہ خود ہی خط بھی ہوتے ہیں اور لفافہ بھی۔ لندن میں محسن نقوی کی صدر آصف علی زرداری سے ملاقات کو بھی کچھ اسی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے۔ ملاقات ہوئی، بات ہوئی، اہم پیغام پہنچایا گیا، نئے صوبوں اور انتظامی بندوبست کی بحث بھی سامنے رہی، لیکن سیاست کی اس دیگ سے فی الحال جو سب سے نمایاں دانہ نکلا وہ یہ ہے کہ زرداری اپنے موقف پر قائم ہیں اور محسن نقوی بھی اپنی بات واپس لینے کے موڈ میں نہیں۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ جب ایک طرف زرداری ہوں اور دوسری طرف نقوی اور دونوں اپنی اپنی جگہ کھڑے ہوں، تو درمیان میں رکھی کرسی آخر کس کے لیے ہے؟

زرداری صاحب کی سیاست کا اپنا موسم ہے یہاں بارش کی پیش گوئی دھوپ میں بھی ہو سکتی ہے اور بادل برسنے کے بجائے مذاکرات کر کے واپس بھی جا سکتے ہیں انہیں پاکستانی سیاست میں دہائیاں ہو گئیں، اس لیے وہ جانتے ہیں کہ فوراً "ہاں" کہنا بعض اوقات سستا پڑتا ہے اور فوراً "نہیں" کہنا مہنگا۔ نئے صوبوں کے معاملے میں ان کا اصرار قومی اتفاق رائے پر ہے۔ گویا پیغام لانے والے کو چائے مل سکتی ہے، ملاقات مل سکتی ہے، مسکراہٹ بھی مل سکتی ہے، مگر سیاسی چیک پر دستخط اتنی آسانی سے نہیں ملیں گے

بلاول بھٹو زرداری بھی تقریباً اسی سیاسی صفحے پر ہیں ان کا کہنا ہے کہ نئے صوبے بنانا ہیں تو عوام کی مرضی، سیاسی اتفاق رائے اور آئینی طریقہ بنیادی شرط ہونا چاہیے بات اصولی بھی ہے اور سیاسی بھی، کیونکہ پاکستان میں نیا صوبہ بنانا نقشے پر پنسل سے لکیر کھینچنے کا نام نہیں۔ لکیر کے ایک طرف وزیراعلیٰ نکلتا ہے، دوسری طرف گورنر، کہیں اسمبلی بنتی ہے، کہیں سیکرٹریٹ، کہیں این ایف سی کا حساب کھلتا ہے اور کہیں یہ سوال اٹھتا ہے کہ پانی، نوکریاں، وسائل اور دارالحکومت کس کے حصے میں آئیں گے نقشے کی ایک لکیر بعض اوقات سیاست میں سو لکیریں کھینچ دیتی ہے۔

دوسری طرف محسن نقوی نے بھی تیر کمان سے نکال دیا ہے وہ موجودہ انتظامی نظام کی افادیت پر سوال اٹھا چکے ہیں اور نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کی ضرورت کی بات کر چکے ہیں سیاست کا پرانا اصول ہے کہ بند کمرے میں کہی ہوئی بات سے واپسی آسان ہوتی ہے، مائیک کے سامنے کہی ہوئی بات سے مشکل۔ نقوی نے بات مائیک کے سامنے کی تھی، سو اب ہر ملاقات کے بعد سوال یہی اٹھے گا: صاحب! صوبے والی بات کہاں تک پہنچی؟

یہاں کہانی مزید دلچسپ ہو جاتی ہے۔ محسن نقوی محض وزیر داخلہ نہیں، چیئرمین پی سی بی بھی ہیں ایک ہاتھ میں سیاست کی فائل ہے، دوسرے میں کرکٹ کا سکور کارڈ۔ لندن میں ایک طرف زرداری سے ملاقات، دوسری طرف پاکستان ہائی کمیشن میں قومی کرکٹ ٹیم کے اعزاز میں عشائیہ۔ یوں دن میں سیاست کی گوگلی اور شام کو کرکٹ کا باؤنسر۔ فرق صرف اتنا ہے کہ کرکٹ میں امپائر انگلی اٹھا دے تو فیصلہ ہو جاتا ہے، سیاست میں انگلی اٹھنے کے بعد اصل میچ شروع ہوتا ہے۔

نئے صوبوں کی بحث میں اصل سوال یہ نہیں کہ محسن نقوی نے کیا کہا، اصل سوال یہ ہے کہ اس خیال کے پیچھے کتنی سیاسی قوت کھڑی ہے۔ اگر یہ محض ایک انتظامی رائے ہے تو بحث چند دن میں ٹھنڈی پڑ سکتی ہے، لیکن اگر آنے والے سیاسی بندوبست میں واقعی مزید انتظامی اکائیاں زیر غور ہیں تو پھر معاملہ محسن نقوی اور زرداری کی ایک ملاقات سے کہیں بڑا ہے پھر پنجاب سے سندھ تک اور خیبر پختونخوا سے بلوچستان تک ہر سیاسی جماعت کو اپنے کارڈ دوبارہ گننے پڑیں گے۔

زرداری اسی لیے شاید جلدی میں نہیں وہ جانتے ہیں کہ نئے صوبوں کا دروازہ کھلا تو سوال صرف جنوبی پنجاب تک محدود نہیں رہے گا پھر ہزارہ بولے گا، بہاولپور بولے گا، شہری سندھ کی آواز آئے گی، بلوچستان کے انتظامی حجم کی بحث ہوگی اور ہر علاقے کے ساتھ شناخت اور وسائل کا سوال اٹھے گا سیاسی نقشے کی الماری کھولنا آسان ہے، اسے دوبارہ بند کرنا مشکل۔

محسن نقوی کا مسئلہ دوسری نوعیت کا ہے ان کا استدلال انتظامی کارکردگی کا ہے آبادی بڑھ گئی، صوبے بہت بڑے ہیں، شہری کو حکومت تک پہنچنے کے لیے کئی دروازے کھٹکھٹانا پڑتے ہیں، اس لیے چھوٹی انتظامی اکائیاں نظام کو بہتر بنا سکتی ہیں دلیل میں وزن موجود ہے۔ لیکن پاکستان میں ہر اچھا انتظامی خیال سیاست کی مشین میں داخل ہوتے ہی سیاسی پرزہ بن جاتا ہے سوال فوراً شروع ہو جاتے ہیں: کس کا صوبہ؟ کس کا دارالحکومت؟ وزیراعلیٰ کون؟ وسائل کتنے؟ کشتیاں کتنی؟ اور سب سے اہم سوال، فائدہ کس کو؟

یہیں زرداری کی سیاست نقوی کی انتظامی سوچ سے ٹکراتی ہے نقوی کہتے ہیں شاید گاڑی کا انجن بدلنا پڑے گا، زرداری پوچھتے ہیں پہلے یہ بتاؤ گاڑی کس راستے پر لے جانی ہے بلاول کہتے ہیں مسافروں سے بھی پوچھ لو، کہیں منزل ان کی مرضی کے بغیر تو طے نہیں کر رہے پاکستان کی سیاسی بس میں ویسے بھی مسافروں سے زیادہ کنڈکٹر ہونے کی روایت پرانی ہے۔

لندن ملاقات میں پہنچائے گئے اہم پیغام کی پوری تفصیل سامنے نہ آنے سے سیاسی تجسس اور بڑھا ہے پاکستان کی سیاست میں جس خبر کے ساتھ لفظ "اہم پیغام" لگ جائے، اس کے بعد صحافیوں کی آدھی توانائی یہ جاننے پر لگتی ہے کہ پیغام کیا تھا اور باقی آدھی یہ معلوم کرنے پر کہ بھیجنے والا کون تھا۔ فی الحال جو چیز واضح ہے وہ یہ کہ ملاقات نے زرداری کے موقف میں فوری تبدیلی پیدا نہیں کی اسے سختی کہیں، سیاسی احتیاط کہیں یا بارگیننگ کی گنجائش محفوظ رکھنے کا فن، زرداری نے اپنا کارڈ سینے سے لگا رکھا ہے۔

اور زرداری سے بہتر کون جانتا ہے کہ سیاست میں کارڈ وہی قیمتی ہوتا ہے جو وقت سے پہلے دکھایا نہ جائے وہ کئی بار ایسی میزوں سے اپنا حصہ لے کر اٹھے ہیں جہاں ابتدا میں ان کے پاس کرسیاں بھی کم کھینچی جا رہی تھیں اس لیے اگر کوئی یہ سوچتا ہے کہ ایک ملاقات، ایک پیغام اور ایک گھنٹے کی گفتگو کے بعد وہ نئے صوبوں جیسے معاملے پر فوراً سر ہلا دیں گے تو شاید وہ زرداری کی سیاست کو صرف خبروں سے جانتا ہے، تاریخ سے نہیں۔

لیکن تصویر کا دوسرا رخ بھی اہم ہے اگر نئے انتظامی یونٹس کی ضرورت واقعی ملک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے محسوس کی جا رہی ہے تو اسے محض سیاسی خوف کی وجہ سے رد کرنا بھی دانشمندی نہیں ہوگی پنجاب بارہ کروڑ سے زائد آبادی کا صوبہ ہے، کراچی ایک ایسا شہر ہے جس کی آبادی کئی ملکوں سے زیادہ ہے، بلوچستان کا جغرافیہ انتظامی رسائی کو مشکل بناتا ہے اور خیبر پختونخوا کے مختلف خطوں کی ضروریات یکساں نہیں۔ سوال نئے صوبوں کے حق یا مخالفت کا نہیں، سوال یہ ہے کہ کیا ہمارے پاس ایسا قابل عمل منصوبہ موجود ہے جو شہری کی زندگی بہتر کرے؟

اگر نیا صوبہ بنانے کے بعد بھی تھانے میں وہی حال، ہسپتال میں وہی قطار، سکول میں استاد غائب، سڑک ٹوٹی ہوئی اور سرکاری دفتر میں فائل میز کے نیچے پڑی رہے تو شہری کو نئے نقشے سے کیا ملے گا؟ پرانی بدانتظامی کو نئے صوبے کا نام دے دینا اصلاحات نہیں اگر نئے صوبے بنانے ہیں تو ساتھ بلدیاتی نظام، مالیاتی تقسیم، پولیس، صحت، تعلیم اور عدالتی رسائی کا مکمل نقشہ بھی میز پر رکھنا ہوگا۔

ادھر لندن میں سیاست کی یہ گرماگرمی چل رہی تھی اور پاکستان ہائی کمیشن میں کرکٹ ٹیم کے لیے عشائیہ بھی سج گیا۔ محسن نقوی وہاں چیئرمین پی سی بی کی حیثیت سے موجود تھے۔ کھانے کی میز یقیناً اچھی ہوگی، مگر پاکستانی کرکٹ کے موجودہ سوالات اتنے کڑوے ہیں کہ میٹھا بھی انہیں آسانی سے نہیں دبا سکتا۔

مدثر نذر کی تنقید اسی تلخی کی نمائندگی کرتی ہے۔ ان کا سوال بنیادی طور پر انتظامی بے یقینی پر ہے ٹیم ہارے تو تبدیلیاں، تبدیلیاں ناکام ہوں تو مزید تبدیلیاں، کوچ آئے، کوچ جائے، کھلاڑی اندر، کھلاڑی باہر۔ پاکستانی کرکٹ کبھی کبھی ٹیم کم اور ایئرپورٹ کا ڈیپارچر لاؤنج زیادہ محسوس ہونے لگتی ہے، کوئی آ رہا ہے، کوئی جا رہا ہے اور اعلان مسلسل ہو رہا ہے۔

محمد یوسف بھی اس اضطراب کو مختلف انداز میں بیان کر چکے ہیں۔ ان کے نزدیک میدان میں کامیابی ہی شور کا اصل جواب ہے بات سادہ مگر بے رحم ہے کرکٹ میں پریس ریلیز کے رنز سکور بورڈ میں شامل نہیں ہوتے، نہ انتظامی وضاحتوں کی وکٹیں ملتی ہیں۔ ٹیم جیتے گی تو تعریف چیئرمین تک پہنچے گی، ہارے گی تو سوال بھی چیئرمین کی میز تک آئیں گے۔

محسن نقوی کے لیے شاید یہی سب سے عجیب امتحان ہے سیاست میں ان سے پوچھا جا رہا ہے ملک کا انتظامی نقشہ کیوں بدلنا چاہتے ہیں، کرکٹ میں پوچھا جا رہا ہے ٹیم کا نقشہ اتنی جلدی جلدی کیوں بدل رہا ہے سیاست میں زرداری سامنے ہیں، کرکٹ میں مدثر نذر اور محمد یوسف جیسے سابق کھلاڑی سوال اٹھا رہے ہیں۔ ایک طرف اتفاق رائے درکار ہے، دوسری طرف مسلسل فتوحات۔ دونوں چیزیں پاکستان میں آسانی سے کہاں ملتی ہیں!

لیکن محسن نقوی کی ایک خوبی یا سیاسی حکمت عملی واضح ہے وہ اپنی کہی ہوئی بات سے فوری پسپائی اختیار کرتے دکھائی نہیں دیتے نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کی بات کی تو اس کے بعد پیدا ہونے والے سیاسی شور کے باوجود موقف سے دستبرداری کا اعلان نہیں کیا زرداری نے اتفاق رائے کی لکیر کھینچی تو وہ بھی اپنی جگہ قائم ہیں۔ گویا سیاسی شطرنج کی بساط بچھ گئی ہے، لیکن ابھی کسی نے بادشاہ کو شہ نہیں دی۔

اس ساری کہانی میں بلاول کا کردار آنے والے دنوں میں زیادہ اہم ہو سکتا ہے اگر پیپلز پارٹی نئے صوبوں کی بحث کو مکمل طور پر مسترد کرنے کے بجائے عوامی رضامندی اور اتفاق رائے سے مشروط رکھتی ہے تو مذاکرات کا دروازہ بند نہیں ہوتا یہی وہ باریک نکتہ ہے جہاں مستقبل کا کوئی فارمولا جنم لے سکتا ہے سیاست میں "نہیں" اور "ابھی نہیں" میں بڑا فرق ہوتا ہے، اور زرداری خاندان اس فرق کی سیاسی قیمت خوب جانتا ہے۔

اصل امتحان پارلیمان کا بھی ہے اگر نئے صوبے واقعی قومی ضرورت ہیں تو بحث ٹی وی اسٹوڈیوز، لندن کی ملاقاتوں اور سیاسی پیغام رسانی سے نکل کر پارلیمان میں آنی چاہیے اعداد و شمار سامنے آئیں، انتظامی فوائد بتائے جائیں، اخراجات کا تخمینہ دیا جائے، عوامی رائے معلوم کی جائے اور پھر آئینی راستہ اختیار کیا جائے ورنہ "نئے صوبے" بھی ہماری سیاست کے ان خوبصورت نعروں میں شامل ہو جائیں گے جو ہر چند سال بعد الماری سے نکالے جاتے ہیں، دھول صاف کی جاتی ہے، جلسے میں لہرائے جاتے ہیں اور پھر واپس رکھ دیئے جاتے ہیں۔

فی الحال لندن کا سکور کارڈ بڑا دلچسپ ہے زرداری ناٹ آؤٹ، نقوی ناٹ آؤٹ، بلاول کریز پر نظریں جمائے ہوئے، نئے صوبوں کی گیند ابھی ہوا میں اور فیصلہ تھرڈ امپائر یعنی قومی اتفاق رائے کے پاس۔ ادھر قومی کرکٹ ٹیم کا سکور الگ پریشانی بنا ہوا ہے۔ مدثر نذر سوال کر رہے ہیں، محمد یوسف جیت مانگ رہے ہیں اور چیئرمین پی سی بی کو سیاست اور کرکٹ دونوں پچوں پر بیک وقت بیٹنگ کرنا پڑ رہی ہے۔

پاکستان میں شاید یہی سب سے مشکل آل راؤنڈر کا کردار ہے ایک دن صدر کو سیاسی پیغام پہنچائیں، دوسرے لمحے کرکٹ ٹیم کے ساتھ عشائیے میں بیٹھیں، صبح نئے صوبوں کے سوال کا سامنا کریں اور شام ٹیم سلیکشن کا۔ محسن نقوی نے بیک وقت دو پچوں پر کھیلنے کا انتخاب کیا ہے، اس لیے اب دونوں کے سکور بھی انہی سے پوچھے جائیں گے۔

اور آخری بات شاید سب سے دلچسپ ہے۔ لندن میں پیغام پہنچ چکا، ملاقات ہو چکی، عشائیہ بھی ہو گیا، تصاویر بھی آ گئیں، مگر اصل سیاسی کھانا ابھی پکا نہیں۔ زرداری اپنی جگہ سے نہیں ہلے، محسن نقوی اپنی بات سے نہیں ہٹے اور بلاول نے عوامی رضامندی کی شرط میز پر رکھ دی ہے۔ اب دیگ پر ڈھکن ضرور ہے مگر نیچے آگ جل رہی ہے۔

دیکھنا صرف یہ ہے کہ جب ڈھکن اٹھے گا تو اندر سے نئے صوبوں کا باقاعدہ فارمولا نکلے گا، کسی بڑے سیاسی سمجھوتے کی خوشبو آئے گی یا ہماری سیاست کا وہی پرانا سالن نکلے گا جس میں شور مصالحہ زیادہ اور نتیجہ کم ہوتا ہے۔ فی الحال ایک جملہ پوری کہانی بیان کرنے کے لیے کافی ہے

لندن میں زرداری نے پیغام سن لیا ہے، مگر جواب وہی دیا ہے جو ان کی سیاست کی پہچان ہے۔۔۔ بات ہوگی، مگر ہماری شرطوں پر اور ادھر محسن نقوی بھی اپنی بات پر قائم ہیں۔

☆☆☆☆

روزنامہ عوام کھیلوں کی دنیا

MEMBER OF APNS
ایڈیٹرانچیف وسیم احمد
انچارج شجاع

داسن شاناکا کی دھواں دار بیٹنگ، سی پی ایل کی تاریخ کی تیز ترین سنچری بنا ڈالی

شاناکا کی اننگز میں 8 چوکے اور 12 چھکے شامل تھے جبکہ اسٹرائیک ریٹ 281 سے زائد رہا

کولمبو (این این آئی) سری لنکن آل راؤنڈر داسن شاناکا نے کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل) میں شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹورنامنٹ کی تاریخ کی تیز ترین سنچری اسکور کر دی۔ سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس کی نمائندگی کرنے والے شاناکا نے سینٹ لوشیا کنگز کے خلاف صرف 39 گیندوں پر سنچری مکمل کی، وہ 43 گیندوں پر 121 رنز بنا کر ناقابل شکست رہے، ان کی اننگز میں 8 چوکے اور 12 چھکے شامل تھے جبکہ اسٹرائیک ریٹ 281 سے زائد رہا۔ شاناکا نویں اوور میں جانسن چارلس کے آؤٹ ہونے کے بعد کریز پر آئے، اس وقت پیٹریاٹس کا اسکور 89 رنز تھا۔ انہوں نے آتے ہی جارحانہ انداز اپنایا اور آخری 10 اوورز میں رنز کی رفتار کو کئی گنا بڑھا دیا۔ ان کی طوفانی اننگز کی بدولت پیٹریاٹس نے 20 اوورز میں 235 رنز بنائے۔ جواب میں سینٹ لوشیا کنگز کی پوری ٹیم صرف 98 رنز پر ڈھیر ہو گئی اور پیٹریاٹس نے 137 رنز سے بڑی کامیابی حاصل کی۔ واضح رہے کہ سی پی ایل میں اس سے قبل تیز ترین سنچری کا ریکارڈ ویسٹ انڈیز کے آندرے رسل کے پاس تھا جنہوں نے 40 گیندوں پر سنچری اسکور کی تھی۔

میسی کیلئے منفرد خراجِ تحسین، اعزازات کی رسید سوشل میڈیا پر وائرل

رسید کی آخری لائن میں درج GOAT debate: settled، یعنی فٹبال کی تاریخ کے عظیم ترین کھلاڑی کا فیصلہ ہو گیا

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کے لیجنڈری فٹبالر لیونل میسی کے شاندار بین الاقوامی کیریئر کو منفرد انداز میں خراجِ تحسین پیش کیا گیا جس میں ان کے ارجنٹائن کے لیے اعداد و شمار اور بڑے اعزازات کو ایک رسید کی شکل میں اجاگر کیا گیا۔ رسید پر میسی کے ارجنٹائن کے لیے 207 میچز اور 125 گولز درج ہیں جبکہ ان کے اہم عالمی اعزازات میں 2021 کوپا امریکا، 2022 فیفا ورلڈ کپ اور 2024 کوپا امریکا بھی شامل کیے گئے ہیں۔ رسید میں میسی کے ورلڈ کپ ریکارڈ کا بھی ذکر ہے جس کے مطابق انہوں نے اپنے 6 ورلڈ کپ میں 21 گولز، 23 فتوحات اور 99 مواقع پیدا کیے۔ اس منفرد خراجِ تحسین میں میسی کے توڑے گئے ریکارڈز، نئی توقعات قائم کرنے اور دنیا بھر میں مداحوں کو متاثر کرنے کا بھی ذکر کیا گیا۔

سرفراز اور عمر گل کو ہٹائے جانے پر راشد لطیف نے عاقب جاوید کو آڑے ہاتھوں لے لیا

اگر ٹیم کو ریموٹ کنٹرول کے ذریعے چلانا تھا تو سرفراز احمد اور عمر گل کو ٹیم کے ساتھ کیوں بھیجا گیا؟ راشد لطیف

ہم نے کپتان کو کچھ مخصوص پلیئرز کو ڈراپ کرنے کے لیے کئی بار پیغامات بھیجے لیکن ہمارے پیغام پر عمل نہیں ہوا جس کے بعد یہ فیصلہ لیا گیا، عاقب جاوید

کراچی (این این آئی) سابق کپتان راشد لطیف نے ٹیسٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ سرفراز احمد اور بولنگ کوچ عمر گل کو ہٹائے جانے پر عاقب جاوید کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر راشد لطیف نے عاقب جاوید کا ایک بیان شیئر کیا جس میں وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے کپتان کو کچھ مخصوص پلیئرز کو ڈراپ کرنے کے لیے کئی بار پیغامات بھیجے لیکن ہمارے پیغام پر عمل نہیں ہوا جس کے بعد یہ فیصلہ لیا گیا۔ راشد لطیف نے تنقید کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ اگر ٹیم کو ریموٹ کنٹرول کے ذریعے چلانا تھا تو سرفراز احمد اور عمر گل کو ٹیم کے ساتھ کیوں بھیجا گیا؟ انہوں نے سوال کیا کہ گیری کرسٹن اور جیسن گلیسپی سے سلیکشن کے اختیارات واپس لینے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ سابق کپتان نے کہا کہ اگر کپتان بابر اعظم ٹیم انتظامیہ کی ہدایات پر عمل نہیں کر رہے تھے تو انہیں کپتانی سے ہٹایا جائے، سرفراز احمد اور عمر گل کو واپس بھیجنے کی وجہ کیا تھی؟ انہوں نے آخر میں یہ سوال بھی اٹھایا کہ کیا اگلا نشانہ اب کپتان بابر اعظم بننے والے ہیں؟

کھلاڑیوں پر مکمل اعتماد، ایجبسٹن ٹیسٹ میں اچھا پرفارم کریں گے، ہیڈ کوچ

قومی ٹیم کے تمام کھلاڑیوں پر مکمل اعتماد ہے، نئے کھلاڑی بھی ٹیم میں اچھی طرح ایڈجسٹ ہو گئے ہیں، مائیک ہیسن

برمنگھم (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے کہا ہے کہ انہیں قومی ٹیم کے تمام کھلاڑیوں پر مکمل اعتماد ہے، نئے کھلاڑی بھی ٹیم میں اچھی طرح ایڈجسٹ ہو گئے ہیں اور امید ہے کہ پاکستان ایجبسٹن ٹیسٹ میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مائیک ہیسن نے کہا کہ ٹیم میں شامل نئے کھلاڑیوں میں صلاحیت موجود ہے اور وہ انہیں بھرپور سپورٹ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بعض کھلاڑیوں کو ان کے ٹیم کے ساتھ آنے سے پہلے ہی واپس بھیجا جا چکا تھا۔

فٹبال ورلڈ کپ فاتح ٹیم اسپین کے کھلاڑی کا اچانک قومی ٹیم سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

میڈرڈ (این این آئی) اسپین کی ورلڈ کپ فاتح ٹیم کے کھلاڑی مارکوس یورینتے نے 31 سال کی عمر میں قومی ٹیم سے ریٹائرمنٹ کا اچانک اعلان کر دیا۔ مارکوس نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ طویل غور و فکر کے بعد میں نے قومی ٹیم کے ساتھ اپنا سفر ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے معلوم ہے کہ میں اب بھی نوجوان ہوں اور اسپین کی جرسی میں اب بھی کئی سال کھیل سکتا ہوں، تاہم یہ میرا ذاتی فیصلہ ہے جس پر میں نے بہت سوچ سمجھ کر عمل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ورلڈ کپ کے لیے منتخب ہوتا یا نہیں ہوتا، یا اسپین ورلڈ کپ جیتتا یا نہیں جیتتا، میں پہلے ہی قومی ٹیم سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کر چکا تھا۔

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمرز سپورٹس کلب کے زیر اہتمام خواتین فٹبال [illegible] کا افتتاح کر رہی ہیں

وزیراعظم یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کی کوآرڈینیٹر کی اکرم ساہی سے ملاقات

مستقبل قریب میں نوجوانوں کے لئے کھیلوں کے پروگرام منعقد کروانے پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کی کوآرڈینیٹر سیدہ مہرین ساجد نے ایشین ایتھلیٹکس ڈویلپمنٹ کمیشن کے چیئرمین میجر جنرل ریٹائرڈ محمد اکرم ساہی سے ان کے دفتر میں گزشتہ روز ملاقات کی جس میں ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ شاہجہان میر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں کے دوران صحت مند ترقی کے لئے وزیراعظم کے وژن پر توجہ مرکوز کرنا، نوجوانوں کے درمیان سرگرمیوں اور نوجوانوں کو کھیلوں کی طرف راغب کرنے کے بارے میں تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس ملاقات میں ایک میگا ایونٹ منعقد کروانے کے حوالے سے بھی تجویز تھی اور مستقبل قریب میں نوجوانوں کیلئے کھیلوں کے پروگرام منعقد کروانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ اس سلسلہ میں ایک جامع ورکنگ پیپر تیار کر کے وزیراعظم آفس منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا، معرکہ حق کے دوران مسلح افواج اور سیاسی قیادت کے کردار اور کامیابیوں کو اجاگر کرنے کے لئے تقریب کی منصوبہ بندی بھی تیار کی گئی۔ میجر جنرل ریٹائرڈ محمد اکرم ساہی نے کہا کہ یہ ایونٹ ساتھ ایشین گیمز 2027 کی تیاریوں کا جائزہ لینے کا بہترین موقع کے ساتھ ایشین گیمز کی انتظامی اور تکنیکی تیاریوں کو جانچنے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔

نیشنل رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ کے فائنل مقابلے (آج) کھیلے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیر میزبانی نیشنل رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ کے فائنل مقابلے (آج) ہفتہ کو پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس میں کھیلے جائیں گے۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن کے منیجر ڈویلپمنٹ خلیل چغتائی نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی مختلف گیارہ کیٹیگریز کے مقابلوں میں حصہ لے رہے ہیں، چیمپئن شپ کے لئے 20 لاکھ روپے کی انعامی رقم رکھی گئی ہے اور چیمپئن شپ کے فائنل مقابلے 5 ستمبر کو کھیلے جائیں گے۔

ثانیہ اشفاق کا عماد وسیم پر زبردستی ابارشن کا الزام، ڈاکٹر نے کہانی کا دوسرا رخ بتا دیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹر عماد وسیم کی سابقہ اہلیہ ثانیہ اشفاق کی جانب سے زبردستی ابارشن کے الزام کے بعد مبینہ طور پر یہ پروسیجر کرنے والی ڈاکٹر نے بھی خاموشی توڑتے ہوئے اپنا موقف پیش کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ثانیہ اشفاق نے حالیہ پوڈکاسٹ میں یہ دعویٰ کیا تھا کہ 2023 میں ان کے شوہر اور ساس نے انہیں تیسرے بچے کا حمل ختم کروانے پر مجبور کیا۔

آئی ٹی بی اے یوم دفاع ٹین پن بالنگ کپ ٹورنامنٹ کی تیاریاں مکمل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹین پن بالنگ ایسوسی ایشن کے زیراہتمام آئی ٹی بی اے یوم دفاع ٹین پن بالنگ کپ ٹورنامنٹ (آج) ہفتہ کو لیزر سٹی بالنگ کلب، جناح پارک، راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔ اسلام آباد ٹین پن بالنگ ایسوسی ایشن کے سیکرٹری دانیال اعجاز نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔

مینز جونیئر ایشیا کپ، پاکستان نے قازقستان کو 0-15 سے شکست دے دی

پاکستان کی جانب سے رانا عبدالسمیع اور رانا ولید نے شاندار ہیٹ ٹرکس سمیت 4، 4 گول اسکور کیے، ندیم خان نے 2 گول کیے

محی الدین احمد وانی کا گرین شرٹس کو اس شاندار اور یکطرفہ فتح پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے آئندہ میچز کے لیے نیک خواہشات کا اظہار

بیجنگ (این این آئی) مینز جونیئر ایشیا کپ میں پاکستان نے قازقستان کو 0-15 سے شکست دے دی۔ چین میں جاری ایونٹ کے پول بی کے میچ میں پاکستان نے شاندار اور جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے قازقستان کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 15 - 0 کے بھاری مارجن سے شکست دی۔ پاکستان ٹیم نے میچ کے آغاز سے ہی حریف ٹیم پر دباؤ بنائے رکھا اور گول پوسٹ پر مسلسل حملے جاری رکھے۔ پاکستان کی جانب سے رانا عبدالسمیع اور رانا ولید نے شاندار ہیٹ ٹرکس سمیت 4، 4 گول اسکور کیے جبکہ ندیم خان نے 2 گول کیے۔ بشارت علی، غلام مصطفیٰ، علی عنصر، محمد یحییٰ نجیب اور حمزہ علی نے ایک ایک گول کر کے ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ پاکستان کے رانا ولید مین آف دی میچ قرار پائے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے گرین شرٹس کو اس شاندار اور یکطرفہ فتح پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے آئندہ میچز کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

کوئٹہ، صدر پریس کلب عرفان سعید تیسرا آل پاکستان شہید وطن نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی 32 پلیئرز سنوکر ٹورنامنٹ کا افتتاح کر رہے ہیں ٹورنامنٹ صدر حاجی نور حسین رئیسانی، آصف بلوچ اور دیگر بھی موجود ہیں

TENDER NOTICE

he HIGH COURT (CHARGED) invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627091186951 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee 1,000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) (Total Item(s) Count: 4)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 4,500,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 4,500,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 19 September, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 19 September, 2026till 01:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 02:00 PM Address: HALI ROAD, QUETTA

Phone no: 0819202077Fax no: 0819202784
Email: registrar.bhcq@gmail.com

REGISTRAR
HIGH COURT OF BALOCHISTAN
QUETTA

DPRQ/PRQ No.1216/4-9-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے کینسل

ڈسٹرکٹ کونسل کوہلو میں ابتدائی بھرتی کیلئے مورخہ۔ 31.08.2026 کو اشتہار جاری کیا گیا تھا جس میں 33 خالی آسامیاں پر کوہلو کے لوکل / ڈومیسائل سے درخواستیں مطلوب تھی اس کو چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر تا حال کینسل کر دیا جاتا ہے۔ پوسٹوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

نمبر شمار	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	ڈرائیور (LTV)	BS.04	04	لکھنا پڑھنا جانتا ہو گورنمنٹ سے منظور شدہ لائٹ ڈرائیونگ لائسنس
2	نائب قاصد	BS.01	04	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
3	مالی	BS.01	10	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
4	کک	BS.01	03	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
5	چوکیدار	BS.01	04	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
6	ہیلپر	BS.01	02	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
7	سینیٹری ورکر	BS.01	04	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
8	سٹور کیپر	BS.01	02	لکھنا پڑھنا جانتا ہو

چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل کوہلو

AB No 308/04-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1

ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ دارالہدیٰ ہاروجی ٹاؤن تحصیل نانا میں جے یو آئی پاکستان کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے تیسرے سالانہ صوبائی تربیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ قوم کو ہماری دعوت یہ ہے کہ نہ ووٹ لو نہ ووٹ دو، جب آپ کے ووٹ سے نہ نمائندگی کا فیصلہ ہوتا ہے اور نہ ہی اس کی کوئی قدر و قیمت ہے تو ووٹ ڈالنے سے نہ دین کو فائدہ ہوگا نہ ہی قوم کے حق میں اس کا سوائے اس کے کوئی نتیجہ نکلے گا کہ گھر گھر میں لڑائی ہوگی اور دشمنیاں پیدا ہوں گی، میں سیاستدانوں کی خدمت میں بھی یہ گزارش کرتا آیا ہوں کہ حکومت کرنا چھوڑ دو، اگر اسٹیبلشمنٹ نے اچھی حکومت کی تو عوام کا بھلا ہوگا اور اگر بری حکومت کی تو وہ خود بے نقاب ہوجائیں گے کیا تم نے ٹھیکہ لیا ہوا ہے کہ کور تم فراہم کروگے، حکومت وہ کریں گے اور بدنامی تمہارے پلے پڑتی رہے اور اگر ان کے منشا کے مطابق نہیں چلتے تو اٹھا کر ننگے کردیئے جاؤ، اس ذلت میں جانے کی ضرورت کیا ہے انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ نہ امریکہ کے خلاف ہے اور نہ ہی اسرائیل کے خلاف ہے کیونکہ عربوں کو نہ تو امریکہ سے کوئی خطرہ لاحق ہے نہ ہی اسرائیل سے خطرہ ہے۔

بقیہ 2

نقصان پہنچانے میں بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ بلوچستان پولیس اور اے ٹی ایف نے بھاگ پچھی میں ایک بار پھر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے۔ عوام اور ریاستی ادارے اس جنگ میں متحد ہیں۔ ہم امن دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے قلات اور بھاگ پچھی کی کارروائیوں میں حصہ لینے والے تمام افسران و جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 3

کے مسائل ان کی دہلیز پر سننا ہی حقیقی عوامی نمائندگی ہے۔ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر شہریوں نے حاجی علی مدد جتک کی جانب سے کھلی کچہری کے انعقاد اور عوامی مسائل سننے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے عوام اور منتخب نمائندوں کے درمیان رابطہ مزید مضبوط ہوتا ہے۔

بقیہ 4

دہشت گردی کے خلاف قومی جدوجہد میں آئندہ بھی اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے شاہد رند نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان میں امن، ترقی اور خوشحالی کا سفر روکنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے گی معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ "عزم استحکام" کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی سطح پر مربوط کوششیں جاری ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف کامیابیاں ریاست کے مضبوط عزم اور سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی عکاس ہیں انہوں نے کہا کہ پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ریاستی اداروں اور عوام کی مشترکہ جدوجہد جاری رہے گی اور بلوچستان میں امن و ترقی کے سفر کو ہر صورت آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ 5

معین الرحمن خان سے ملاقات کی، جس میں گوادر ریلوے یارڈ اور گوادر کو ملک کے قومی ریلوے نیٹ ورک سے منسلک کرنے کے مجوزہ منصوبوں سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 6

صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، انجینئر عبدالمجید بادینی، زاہد اختر بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر، مولانا محمد عارف دمڑ، حافظ نور علی، عبدالمجید سربازی، طیب فرید خان، سلطان محمد مختی، عبدالولی خان شاکر، روح اللہ سالار ودیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ دھرنے اور 3 ستمبر کی کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جائزہ رپورٹ پیش کی گئی اور تاجروں، دکانداروں اور شہریوں کے تعاون پر شکریہ ادا کیا گیا۔ اجلاس میں انجمن تاجران رحیم کاکڑ گروپ کی جانب سے جماعت اسلامی کے خلاف پریس کانفرنس اور جھوٹے الزامات کی مذمت کی گئی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی اولین ضرورت امن ہے، بدامنی نے ہر گھر کو متاثر کیا ہے۔ حکومت فوری طور پر شاہراہوں کو محفوظ، بارڈرز کو قانونی تجارت کے لیے کھولے اور پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری کا خاتمہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ظلم، جبر، لاقانونیت اور بدامنی کے خلاف احتجاجی تحریک کو مزید وسعت دے گی۔ ڈویژنل سطح پر دھرنے اور احتجاجی کیمپس لگائے جائیں گے اور عوام کے امن، روزگار اور بنیادی حقوق کے لیے پرامن جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 7

سے خطاب کرتے ہوئے سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت میں زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے لہٰذا ان شعبوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مارکیٹ انفرااسٹرکچر کی ترقی ناگزیر ہے۔

بقیہ 8

بلیدی نے کہا کہ بلوچستان حکومت خواتین کی ترقی اور انہیں بااختیار بنانے کو اپنی ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ خواتین کی معاشی خودمختاری کے بغیر پائیدار سماجی و اقتصادی ترقی کا تصور مکمل نہیں ہوسکتا، اسی لیے حکومت خواتین کو ہنر، روزگار اور کاروباری مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ 9

حل کے لیے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، پسماندہ علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے فوری ازالے کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ عوامی خدمت میں اپنا نصب العین سمجھتا ہوں خاران سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع کی یکساں اور متوازن ترقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 10

کو پورا کرتا ہے جس میں چاول، سبزیاں، پھل اور دیگر اجناس شامل ہے جس کی وجہ سے ملک کے زرمبادلہ میں بہتری لانے کے لئے اہم کردار ادا کرتا ہے موجودہ حکومت کے برسر اقتدار آنے سے لیکر اب تک گزشتہ تین سالوں میں حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے کسان بدحالی کا شکار ہے آج بلوچستان میں آٹے کے ریٹ کا سب سے گھمبیر مسئلہ ہے اور پاکستان میں سب سے مہنگا آٹا کوئٹہ اور بلوچستان میں لوگوں کو مل رہا ہے غریب کسان کو گندم کاشت کرنے کے باوجود فصل کا ریٹ بھی پورا نہیں ملا اور آج غریب شہری سستی روٹی سے محروم ہیں دیہاتی علاقوں میں غربت بڑھ رہی ہے

بقیہ 11

ذخیرہ رہ گیا۔ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا پانی اور خشک سالی سے متعلق اجلاس ہوا جس میں گوادر شہر میں پانی کی فراہمی، دستیاب ذخائر اور آئندہ کی ضروریات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ بلوچستان کے مکران ڈویژن میں رواں مون سون کے دوران بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے خشک سالی بڑھنے لگی ہے۔ گوادر میں پینے کے پانی کی قلت کا خطرہ پھر منڈلانے لگا ہے، گوادر کو پانی فراہمی کر نے والے سوڈ ڈیم میں پانی کا ذخیرہ تیزی سے کم ہو رہا ہے اور ڈیم میں پانی کا ذخیرہ بمشکل 2 ماہ کا رہ گیا ہے۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ اس لیے پانی کی مسلسل فراہمی کیلئے شادی کور ڈیم سے سپلائی فعال کی گئی ہے اور دونوں ذرائع سے 30 سے 35 لاکھ گیلن پانی فراہم کیا جارہا ہے۔ ڈی جی گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن نے 1.2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن پلانٹ کو مکمل طور پر چلانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 12

کرتے ہوئے کہا کہ دن دہاڑے شہریوں کو فائرنگ کرکے قتل کردینا اور قاتلوں کا فرار ہوجانا کوئٹہ میں امن و امان کی انتہائی ابتر صورتحال کی واضح عکاسی کرتا ہے۔ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، مگر آج کوئٹہ کا تاجر، مزدور، عام شہری اور معصوم بچے تک خود کو محفوظ تصور نہیں کرتے۔ رہنماں نے کہا کہ سیف سٹی کے نام پر اربوں روپے کے کیمرے نصب کیے گئے، شہر میں جگہ جگہ چیک پوسٹیں اور ناکے قائم ہیں، اس کے باوجود ٹارگٹ کلنگ اور سنگین جرائم کا سلسلہ جاری ہے۔ اگر قاتل دن دہاڑے شہریوں کو نشانہ بنا کر فرار ہوجائیں تو سیف سٹی کے نام پر اربوں روپے کے کیمرے کس مرض کی دوا ہیں؟ صرف کیمرے نصب کردینے سے شہر محفوظ نہیں ہوتے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر جرائم پیشہ عناصر، قاتلوں، منشیات فروشوں، چوروں اور رہزنوں کا مرکز بنتا جارہا ہے۔

بقیہ 13

کو آگے بڑھانا اہم کامیابیوں میں شامل ہے۔ ایک بیان میں بلال خان کاکڑ نے کہا کہ جھینگا فارمنگ منصوبے کے لیے تقریباً 5 ارب روپے کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر پیش رفت ہوئی ہے، جبکہ گڈانی میں 500 ملین روپے کی لاگت سے Shrimp Hatchery کے قیام کے لیے بھی عملی اقدامات کیے گئے ہیں۔

بقیہ 14

تھانہ سٹی کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے ذیشان نامی شخص سے غیر قانونی پسٹل اور راؤنڈ برآمد کر کے گرفتار کرلیا صدر پولیس نے سمیر سے ایک پسٹل اور موٹر سائیکل برآمد کر کے قبضے میں لے لیں۔ اسی طرح پشتون آباد پولیس نے عبداللہ سے ایک کلو 10 گرام چرس اور عبدالظاہر سے غیر قانونی پسٹل برآمد کر کے قبضے میں لے لیا بروری پولیس نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے علی محمد کو جبکہ تھانہ امیر دستی کے عملے نے چھینا گیا موبائل اور ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا اسی طرح شالکوٹ پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر ملزم عبدالقبی، سعید احمد، سلال احمد کو جبکہ غیر قانونی رہائش پذیر 7 افغان باشندوں کو گرفتار کر کے ڈی سی آفس کے حوالے کردیا اس کے علاوہ 20 موٹر سائیکلوں پر نمبر پلیٹ نہ ہونے کی وجہ سے انہیں بند کردیا گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 15

، فہرستیں اور دیگر ریکارڈ ہائی کورٹ انتظامیہ کو پیشگی جانچ کے لیے ارسال کرنے کی ہدایات دی گئی ہیں، جو متعلقہ سلیکشن کمیٹیوں کے قانونی اختیارات اور ان کے رولز 7 اور 10 کے حوالے سے سنگین تحفظات پیدا کرتی ہیں Balochistan Judiciary Staff,

بقیہ 16

کرتے تھکتے نہیں نااہل حکمرانوں کی تسلط سے بلوچستان سمیت ملک جل رہا ہے فارم 47 جعلی حکومت ملک کے سلگتے مسائل پر بے بس اور بے حس ہے جعلی حکومت ارباب اختیار اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کو امن دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے تمام بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں عوام کی عزتیں مال و جان سب کچھ دا پر لگ چکی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے اربوں روپے امن وامان کے نام پر خرچ ہونے کے باوجود قتل وغارت گری دہشتگردی حکومت انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

بقیہ 17

سے اسنیچنگ کی واردات میں ملوث 2 ملزمان کو 24 گھنٹوں کے اندر گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایک روز قبل ہزارہ ٹاؤن کے علاقے میں موٹر سائیکل سوار 2 نامعلوم ملزمان نے خاتون ٹیچر سے پرس چھین لیا تھا جس میں نقدی، موبائل فون، اے ٹی ایم کارڈ، شناختی کارڈ اور دیگر ضروری سامان موجود تھا واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد پولیس نے فوری طور پر کارروائی شروع کی اور جدید تفتیشی طریقہ کار کی مدد سے ملزمان شیر علی ولد برات علی، سکنہ مری کالونی، میثم ولد محمد حسین، سکنہ اقبال آباد کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے خاتون ٹیچر کا چھینا گیا پرس، موبائل فون، اے ٹی ایم کارڈ، شناختی کارڈ اور نقدی برآمد کرلی گئی، جبکہ ملزمان کے قبضے سے ایک پستول بھی برآمد ہوا۔ پولیس نے ملزمان سے تفتیش شروع کردی۔

بقیہ 18

دور دراز علاقوں میں بنیادی صحت مراکز تک محدود رسائی بیماریوں کے پھیلاؤ کی اہم وجوہات ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ غریب خاندان، خواتین، بچے، بزرگ اور دیہی و دور افتادہ علاقوں کے عوام صحت کی سہولیات کی کمی سے سب سے زیادہ متاثر ہورہے ہیں۔ جدید تشخیص اور خصوصی علاج کی سہولیات زیادہ تر کوئٹہ تک محدود ہیں، جس کے باعث دور دراز علاقوں کے مریضوں کو علاج کیلئے طویل سفر اور اضافی اخراجات برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کینسر کے علاج کیلئے آنکولوجسٹ، ریڈیولوجسٹ، آنکولوجی نرسوں اور جدید ریڈیوتھراپی کی سہولیات ناگزیر ہیں۔ اسی طرح ماہر امراض قلب، گردہ، کینسر، بچوں، خواتین و زچگی، پھیپھڑوں اور متعدی امراض کے مزید ماہر ڈاکٹرز کی فوری ضرورت ہے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ حکومت بڑے ہسپتالوں کے ساتھ بنیادی مراکز صحت، موبائل کلینکس اور ٹیلی میڈیسن کا دائرہ وسیع کرے، دیہی علاقوں میں ماہر ڈاکٹرز تعینات کرے اور صاف پانی، ویکسینیشن، بروقت تشخیص اور بیماریوں سے بچاؤ کے اقدامات کو ترجیح دے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا علاج صرف ادویات فراہم کرنا نہیں بلکہ ایک مضبوط، مساوی، قابل رسائی اور عوام تک پہنچنے والا صحت کا نظام یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 19

سے چوری ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں کی تدارک کے لئے ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ایس پی صدر ڈویژن شفقت امیر جنجوعہ کی نگرانی میں ڈی ایس پی صدر شوکت جدون کی سربراہی میں ایس ایچ او بروری اور دیگر عملے نے ہزارہ ٹاؤن کے میں خاتون ٹیچرز سے 2 موٹرسائیکل سواروں کی جانب سے پرس اور دیگر سامان چھیننے کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان شیر علی اور میثم کو گرفتار کر کے چھینا گیا پرس، موبائل فون، اے ٹی ایم کارڈ، شناختی کارڈ، نقدی اور دیگر سامان سمیت ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلیا۔ ملزمان کے خلاف غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور ڈکیتی کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کردی۔

بقیہ 20

ہوئے کیا۔ اس موقع پر عبدالجبار خلجی، فائزہ خلیل، اسد، طیب بلوچ، عین الدین کاکڑ، ملک اکرم، یعقوب زیارتوال، شہزادہ کاکڑ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے روز اول سے ہی شہید ذوالفقار علی بھٹو، محترمہ بےنظیر بھٹو کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے عملی سیاست کا مظاہرہ کرتے ہوئے میدان میں موجود ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہداء اور جیالوں کی پارٹی ہے ہمارے جیالوں اور قیادت نے اپنے خون کا نذرانہ دیکر ملک میں جمہوریت کو پروان چڑھایا، صدر مملکت آصف علی زرداری نے 11 سال جیل اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کی ہے

بقیہ 21

نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات اور قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران ملک وقوم کے تحفظ کے لیے قربانیاں دینے والے جوان پوری قوم کے ہیرو ہیں۔

بقیہ 22

وریندر عمل نے کہا کہ بجلی کے بقایاجات کی وصولی کے لیے ایسا مناسب شفاف اور آسان طریقہ کار وضع کیا جائے جس سے صارفین کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور واجبات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جا سکے انہوں نے واپڈا حکام کو ہدایت کی کہ بجلی کی غیر ضروری لوڈشیڈنگ کے دورانیے کو کم سے کم کیا جائے اور بجلی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات اٹھائے جائیں انہوں نے کہا کہ گرمی اور بجلی کی قلت کے باعث شہریوں کو مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لیے عوامی سہولت کو اولین ترجیح دی جائے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور واپڈا سمیت تمام متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری ضروری ہے تاکہ بجلی سے متعلق عوامی مسائل کو بروقت حل کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائے اور شہریوں کی مشکلات کے ازالے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ بجلی کی فراہمی لوڈشیڈنگ اور بقایاجات سے متعلق مسائل کے حل کے لیے متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ذریعے موثر حکمت عملی اختیار کریں تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 23

بخش فنیز، کام کی پیش رفت اور مختلف شعبوں سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بعد ازاں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے حاجی محمد گوٹھ ساکران واقع اسکولوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے تعلیمی اداروں میں تدریسی و غیر تدریسی عملے کی حاضری، طلباؤ طالبات کی تعداد، عمارتوں کی حالت، پینے کے پانی، بجلی، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور مقررہ مدت میں تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 24

اور آبی مسائل کو تخلیقی انداز میں اجاگر کیا اور ان کے حل کی تجاویز پیش کیں۔ بحریہ ٹاؤن کی ٹیم نے جنگلات کی کٹائی اور ماحولیاتی تحفظ کو موضوع بناتے ہوئے درخت لگانے، جنگلات بچانے اور پاکستان کو سرسبز بنانے کا پیغام دیا۔

بقیہ 25

ان کی الاٹمنٹس منسوخ کرنے کی بات کی جارہی ہے ندیم ترین نے کہا کہ الاٹیز نے باقاعدہ طریقے سے پلاٹس کی الاٹمنٹ حاصل کی، معاہدے کیے اور اپنی مالی استطاعت کے مطابق لاکھوں روپے اقساط، ترقیاتی چارجز اور دیگر مدات میں ادا کیے۔

بقیہ 26

اور صوبے میں امن وامان کی بدترین صورتحال کی عکاسی کرتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں آئے روز قتل، اغوا، ٹارگٹ کلنگ اور دیگر جرائم کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے، لیکن حکومت اور متعلقہ ادارے عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام نظر آرہے ہیں۔

بقیہ 27

صحت کے لیے شدید خطرہ ہے۔ قصاب منڈی میں خراب کلیجی کی سپلائی شہر کی قصاب منڈی میں کراچی سے تھوک کے حساب سے بڑی مقدار میں کلیجی لاکر فروخت کی جا رہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ کلیجی انتہائی غیر معیاری، پرانی اور بالکل خراب ہوتی ہے جو انسانی استعمال کے قابل ہی نہیں، مگر منافع خور عناصر اسے کم قیمت میں خرید کر شہریوں میں بانٹ رہے ہیں۔ میڈیکل اسٹورز پر دو نمبر اور جعلی ادویات کی فروخت عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ اس وقت ہوتا ہے جب بیماری کی صورت میں انہیں معیاری ادویات بھی میسر نہیں ہوتیں۔ شہر کے میڈیکل اسٹورز اور مارکیٹوں میں دو نمبر اور جعلی ادویات تھوک کے حساب سے نہایت آسانی کے ساتھ فروخت ہورہی ہیں، جس سے مریض شفا پانے کے بجائے مزید پیچیدہ بیماریوں کا شکار ہورہے ہیں۔ انتظامیہ کی خاموشی پر شدید تشویش شہر میں اس قدر سنگین صورتحال کے باوجود ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی پراسرار خاموشی اور بے حسی پر شہریوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ ہر لحاظ سے ناکام ہوچکی ہے اور اس کی خاموشی کئی سوالات کو جنم دے رہی ہے۔

بقیہ 28

کر کے دھرنا دے دیا جس کے سندھ اور بلوچستان کے درمیان چلنے والی ٹریفک کئی گھنٹوں تک معطل رہی اس دوران سینکڑوں گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور شدید گرمی وحبس سے ہزاروں مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا مظاہرین نے زرعی پانی کی عدم فراہمی پر محکمہ آبپاشی کے خلاف سخت نعرے بازی کرتے ہوئے الزام عاید کیا کہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت زرعی پانی بند کر کے ہماری زمینوں کو بنجر بنایا جارہا ہے زرعی پانی نہ ہونے کی وجہ سے کاشکاری نہ ہونے سے کسانوں اور زمین دار معاشی بدحالی کا شکار ہوچکے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ نمبل شاخ میں فوری طور پر زرعی پانی فراہم کیا جائے بعد ازاں محکمہ آبپاشی پولیس حکام نے مظاہرین سے کامیاب مزاکرات کر کے قومی شاہراہ پر احتجاج ختم کروا کر روڈ کو ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا

بقیہ 29

ہوئے کہا کہ ٹرین غریب اور متوسط طبقے کے لیے سفر کا سب سے سستا اور آسان ذریعہ تھی، مگر کئی سال سے سروس بند ہونے کے باعث عوام کو مہنگے کرایوں پر بسوں اور دیگر ذرائع آمدورفت کا سہارا لینا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ اوستہ محمد سے ٹرین سروس کی بحالی عوام کا دیرینہ مطالبہ ہے، مگر بارہا مطالبات کے باوجود اس مسئلے پر عملی پیش رفت نظر نہیں آرہی۔ اس موقع پر تاجروں کا بھی کہنا تھا کہ ریلوے سروس کی بحالی سے نہ صرف مسافروں کو سہولت ملے گی بلکہ اوستہ محمد کی تجارتی سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرین کے ذریعے سامان کی ترسیل اور لوگوں کی آمدورفت آسان ہونے سے مقامی کاروبار کو بھی فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ شہریوں نے مزید کہا کہ ضلع اوستہ محمد بلوچستان کا ایک اہم بڑا شہر ہے، اس لیے یہاں ریلوے کی سہولت کا دوبارہ فعال ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے وفاقی حکومت اور محکمہ ریلوے کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ علاقے کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے بند ٹرین سروس کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ریلوے سروس کی بحالی سے عوام کو سستا اور محفوظ سفر میسر آئے کے ساتھ ساتھ علاقے کی معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔

بقیہ 30

کے مارے اپنے گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی تاہم مقامی ذرائع کے مطابق فائرنگ کا سلسلہ جاری رہا۔ تمبو کے علاقے میں ٹریفک کے دو حادثات ایک شخص جاں بحق جبکہ چار افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق تمبو پولیس تھانہ منجھوشوری کی حدود روپا پل کے مقام۔ پر رکشہ الٹنے سے ایک شخص فیاض احمد لہڑی موقع پر ہی ہلاک جبکہ سکندر علی مغیری زخمی ہوگیا جبکہ تمبو کے علاقے بالان شاخ جو کوٹھ شکر خان جتک کے قریب دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرانے سے تین افراد اسد علی محمد یعقوب اور نبی بخش زخمی ہوگئے زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا

بقیہ 31

کی کوششوں میں پیش قدمی کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق نئے کرایہ جاتی نظام کے تحت گوادر سے کراچی کا ایک طرفہ فضائی کرایہ 21 ہزار 250 روپے جبکہ گوادر سے کوئٹہ کا کرایہ 20 ہزار 840 روپے مقرر کیا گیا ہے۔ اس سے قبل گوادر۔ کراچی روٹ کا کرایہ 23 ہزار 733 روپے جبکہ گوادر۔ کوئٹہ روٹ کا کرایہ 31 ہزار روپے تھا۔ اس طرح کراچی کے روٹ پر کرایے میں 2 ہزار روپے سے زائد جبکہ کوئٹہ کے روٹ پر 10 ہزار روپے سے زیادہ کی کی گئی ہے، کرایوں میں نمایاں کمی سے گوادر کے رہائشیوں، تاجروں اور دیگر مسافروں کے لیے فضائی سفر مزید آسان اور سستا ہونے کی توقع ہے۔ اس پیش رفت پر گفتگو کرتے ہوئے ساؤتھ ایئر گوادر اسٹیشن منیجر محمد سلیم نے گوادر پرو کو بتایا کہ نسبتاً کم قیمتوں پر بہتر فضائی سفری سہولیات فراہم کرنا ایئرلائن کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ کرایوں میں کمی کا مقصد صرف مسافروں کو مالی ریلیف فراہم کرنا نہیں بلکہ گوادر کے ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ فضائی رابطے کو مزید مضبوط بنانا بھی ہے۔

بقیہ 32

زون کے سپروائزر نہال دین کلتی کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی، جس کے دوران سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کو ہٹا کر راستے کلیئر کیے گئے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن شہر کے مرکزی بازاروں میں غیر قانونی طور پر سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سامان رکھنے اور گزرگاہوں کو محدود کرنے سے نہ صرف شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوتا ہے۔ کارروائی کا مقصد عوامی گزرگاہوں کو کشادہ رکھنے اور شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنا ہے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ نے متعلقہ افسران وعملے کو ہدایت کی ہے کہ اہم شاہراہوں اور تجارتی مراکز میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کو موثر بنانے کے ساتھ ساتھ مستقل نگرانی کا نظام بھی یقینی بنایا جائے، تاکہ کلیئر کیے گئے مقامات پر دوبارہ تجاوزات قائم نہ ہوں۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے تاجروں اور دکانداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ سڑکوں، فٹ پاتھوں اور دیگر عوامی مقامات پر اپنا سامان رکھ کر گزرگاہیں محدود کرنے سے گریز کریں اور شہر کو منظم رکھنے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 33

کاروبار کے مواقع فراہم کرسکیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان کے عوام کو ترقی کے ثمرات ان کی دہلیز تک پہنچانے اور صوبے کے نوجوانوں کو روشن و محفوظ مستقبل فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کے تحت نوجوانوں کو جدید اور مارکیٹ بیسڈ ہنر سکھانے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، تاکہ انہیں باعزت روزگار کے قابل بنایا جاسکے۔

بقیہ 34

کی جانب سے 5 ستمبر سے 8 ستمبر تک 220kv سبی۔ کوئٹہ ٹرانسمیشن لائن پر ضروری مرمتی کام کیا جائے گا جسکے باعث مذکورہ ٹرانسمیشن لائن سے (روزانہ) صبح 7 بجے تا شام 5 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی اور اس دوران 220 میگاواٹ برقی قلت پیدا ہوگی جسے لوڈمینجمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں لوڈمینجمنٹ کے باعث بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 35

صفائی کے حوالے سے باشعور بنا کر ایک بہتر اور صاف کوئٹہ کے قیام میں اہم کردار ادا کیا جاسکتا ہے۔ اس سلسلے میں جناح ایلیٹ اسکول میں طلبہ کے لیے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی سیشن کا مقصد طلبہ میں صفائی ستھرائی، حفظان صحت اور صحت مند و صاف ستھرے ماحول کی اہمیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ اس موقع پر طلبہ کو ذاتی صفائی، اسکول اور اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے اور صحت مند معاشرے کے قیام میں اپنا کردار ادا کرنے کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔ صفا کوئٹہ کی ٹیم نے طلبہ پر زور دیا کہ صفائی کو اپنی روزمرہ زندگی کا لازمی حصہ بنائیں اور صاف ستھرے ماحول کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 36

سلیں۔ کاشف حیدری نے کہا کہ جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس گشت کو مزید موثر بنانے کے ساتھ ساتھ بازاروں، تجارتی مراکز اور شہر کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی کے انتظامات بہتر کیے جائیں۔ وارداتوں میں ملوث عناصر کی نشاندہی کر کے انہیں قانون کے مطابق کارروائی کا سامنا کروایا جائے، جبکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے بھی مناسب اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری امن وامان کے قیام کے لیے پولیس اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کے لیے تیار ہے، تاہم شہریوں اور تاجروں کے جان و مال کا تحفظ متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں بڑھتے ہوئے جرائم کا نوٹس لیتے ہوئے گشت اور نگرانی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے اور موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہری بلاخوف اپنی روزمرہ زندگی اور کاروباری سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔

بقیہ 37

میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قلات میں سیکیورٹی فورسز اور بھاگ پچھی میں بلوچستان پولیس وای ایف کی بروقت اور موثر کارروائیاں امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط عزم کی عکاس ہیں۔ سیکیورٹی اداروں نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گرد عناصر کے عزائم ناکام بنائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات اور قربانیاں قابل فخر ہیں۔

بقیہ 38

گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان کے مطابق اجلاس میں پاکستان کی خارجہ پالیسی کی ترجیحات پر غور کیا گیا جبکہ آئندہ سفارتی مصروفیات اور تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسحاق ڈار کی ترجیحی امور پر موثر رابطہ کاری اور فالو اپ کی ہدایت کی۔ ترجمان کے مطابق اجلاس میں سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ اور خصوصی سیکرٹری اقوام متحدہ نبیل منیر کی شرکت وزارت خارجہ کے سینئر حکام بھی اجلاس میں شریک ہوئے

بقیہ 39

کہ دہشت گردی کے عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے ضلع قلات میں فتنہ الہندوستان کے 12 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور بہادری کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، سکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکار وطن عزیز کے امن کو نقصان پہنچانے والے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کررہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ وطن عزیز کی حفاظت کے غیر متزلزل عزم میں مجھ سمیت پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ دہشت گردوں کے بلوچستان کے امن کو تباہ کرنے کے مذموم عزائم میں انہیں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے قلات میں انٹیلی جنس بنیاد پر کارروائی کے دوران بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے 12 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مسلسل کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کو ہر قیمت پر شکست دی جائے گی۔ صدر مملکت نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 40

اعزاز میں ناشتے کا اہتمام کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے درمیان کئی دہائیوں پر محیط ترقیاتی شراکت داری کا جائزہ لیا گیا اور نئی کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹیجی (سی پی ایس) 2026-2030 کے تحت ترجیحی شعبوں میں اقدامات پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ینگ منگ یانگ کا اس حیثیت سے پاکستان کے پہلے سرکاری دورے پر خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان میں شہری بنیادی ڈھانچے، ٹرانسپورٹ اور عوامی خدمات کے اہم منصوبوں کی تکمیل میں اے ڈی بی کی مسلسل پیشہ ورانہ کارکردگی اور بروقت تعاون کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے سخت مالیاتی، ساختی اور انتظامی اصلاحات کے ذریعے مشکل معاشی بحالی کے مرحلے کو کامیابی سے عبور کیا ہے۔

بقیہ 41

کی تعیناتی سے متعلق وزیراعظم ہاؤس میں اہم فیصلے کا مرحلہ شروع ہوگیا۔ موجودہ سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ 18 ستمبر کو 60 سال کی عمر مکمل کر کے ریٹائر ہوجائیں گی جبکہ ان کی مدت ملازمت میں توسیع کے امکانات انتہائی کم بتائے جارہے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کو 18 ستمبر تک وزارت خارجہ کے گریڈ 22 کے سینئر ترین سفارتکاروں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ رحیم حیات قریشی، عاصم افتخار، رضوان سعید شیخ اور فیصل نیاز ترمذی سمیت سینئر سفارتکاروں کے نام زیر غور ہیں۔

بقیہ 42

کے دوران وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں اور مقاصد سے پاکستان کی پختہ وابستگی کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی معاہدوں کے احترام کو یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کثیرالجہتی نظام اور عالمی امور میں اقوام متحدہ کے مؤثر کردار کی بھرپور اور مستقل حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ موجودہ عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم اور کثیرالجہتی تعاون کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے امید ظاہر کی کہ اقوام متحدہ کے آئندہ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کے تین بنیادی ستونوں، یعنی امن وسلامتی، ترقی اور انسانی حقوق پر باہم مربوط اور متوازن انداز میں توجہ مرکوز رکھیں گے۔ سفیر اولارا اوتونو نے کثیرالجہتی نظام کے فروغ اور اقوام متحدہ کے تینوں بنیادی ستونوں کے لیے پاکستان کی دیرینہ اور نمایاں خدمات پر گہری تشکر کا اظہار کیا۔ انہوں نے بین الاقوامی امن وسلامتی کے لیے جاری کوششوں میں پاکستان کی قیادت اور اہم کردار کو بھی سراہا۔

بقیہ 43

میں اسلحہ، گولہ بارود اور ان کے ٹھکانے تباہ کردیئے پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آپریشن فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع پر سیکورٹی فورسز نے ان کی پناہ گاہ کی نشاندہی، نگرانی اور بروقت کارروائی کے دوران دہشتگردوں کا صفایا کرتے ہوئے 12 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے ٹھکانے سے برآمد اسلحہ اور گولہ بارود، آئی ای ڈیز بھی موقع پر تباہ کردی گئیں، علاقے میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ عزم استحکام کے وژن کے تحت سکیورٹی فورسز کی دہشتگردی کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے "عزم استحکام" (جس کی منظوری نیشنل ایکشن پلان پر وفاقی ایپکس کمیٹی نے دی تھی) کے وژن کے تحت انسداد دہشت گردی کی بھرپور مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔

بقیہ 44

کے نیچے میں نیشنل بینک تباہ پولیس تھانہ میں کھڑی گاڑیاں موٹر سائیکل ودیگر سرکاری ریکارڈ جل گیا اسسٹنٹ کمشنر افس کو بھی نقصان پہنچا پولیس اور اے ٹی ایف کا بھرپور جواب دہشت گردوں کا حملہ پسپا کردیا گیا تین دہشت گرد ہلاک چار زخمی جبکہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار سمیت ایک خاتون پانچ عام شہری بھی زخمی زخمیوں میں سے مسافر ویگن کا ڈرائیور بھی شامل ڈی آئی جی پولیس اور ایس ایس پی سمیت دیگر پولیس افسران کا بھاگ کا دورہ کیا پولیس نے شہر بھر کے راستوں کی ناکہ بندی کر کے سرچ اپریشن کے بعد علاقے کو کلیر کردیا گیا پولیس کے مطابق جمعہ کی اعلیٰ الصبح پچھی کے قدیم شہر بھاگ میں درجنوں بھر مسلح دہشت گردوں نے اچانک شہر کے اندر داخل ہو کر اہم سرکاری اداروں کو نشانہ بنانا شروع کردیا گیا

بقیہ 45

، قلات اور سبی میں متعدد انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق مختلف کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے 36 دہشت گرد ہلاک کیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 4 ستمبر کو مستونگ میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران 6 بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد مارے گئے، جبکہ دہشت گردوں سے برآمد ہونے والا گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد موقع پر ہی تباہ کردیا گیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق کوئٹہ کے علاقے شعبان میں فتنہ الخوارج کے 4 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، کارروائی میں 26 خوارج ہلاک ہوئے۔ قلات میں بھی سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 2 بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کو ہلاک کیا، جبکہ سبی کے علاقے بھاگ میں سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں مزید 2 دہشت گرد مارے گئے۔

بقیہ 46

کہ حقائق مسخ کرنے سے بھارت میں اقلیتوں پر مظالم سے توجہ نہیں ہٹ سکتی، بھارت میں اقلیتوں اور ان کی عبادت گاہوں پر حملوں کا انتہائی خراب ریکارڈ ہے، دنیا ہندوتوا نظریے کے اقلیتوں کے خلاف ہتھیار بنانے سے آگاہ ہے۔ سجاد حیدر خان نے کہا کہ بھارتی قیادت کو مسلمانوں، سکھوں اور مسیحیوں پر ظلم کا جوابدہ ٹھہرایا جائے۔ ترجمان نے کہا کہ اڈہ سراج میں ہندو مندر کی عمارت 21 جولائی کو شدید بارشوں سے متاثر ہوئی، نارووال میں مقامی حکام نے مندر میں بارش سے ہوئے نقصان کا جائزہ لے لیا، مندر کی عمارت کی بحالی کے لیے اقدامات شروع کردیے گئے ہیں۔

بقیہ 47

غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے مہمان شخصیت کا خیرمقدم کرتے ہوئے شہری بنیادی ڈھانچے، ٹرانسپورٹ اور عوامی خدمات کے منصوبوں میں اے ڈی بی کے تعاون کو سراہا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سخت مالیاتی اور انتظامی اصلاحات کی بدولت معیشت میں استحکام آیا ہے اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ ملاقات میں کراچی سے پشاور تک مین لائن۔1 (ایم ایل۔1) ریلوے کوریڈور کی اپ گریڈیشن پر خصوصی توجہ دی گئی اور اس پر جلد عملی کام شروع کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ، موڈیز اور ایس اینڈ پی جیسی عالمی ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے لیے مستحکم معاشی منظرنامے کی درجہ بندی کی ہے۔ انہوں نے کہا مین لائن۔1 (ایم ایل۔1) ریلوے کوریڈور کی جدید خطوط پر اپ گریڈیشن مال برداری کے نظام کو بہتر بنانے اور علاقائی تجارتی روابط مضبوط کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ ملاقات میں نجی شعبے کی معاونت، توانائی، غذائی تحفظ، برآمدات، مصنوعی ذہانت (AI) اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں مشترکہ تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹیجی 2026-2030 کی ترجیحات کو مؤثر اقدامات میں ڈھال کر عوام کے معیار زندگی میں بہتری لائی جائے گی۔

بقیہ 48

کابینہ میں مصطفیٰ بشیر، راجہ ثاقب مجید، سردار میرا کبر، کرنل (ر) وقار نور، اظہر صادق، راجہ ریاست، عمیر نعیم اور عبدالرحمٰن آرائیں نے بطور وزیر حلف اٹھایا۔ حلف برداری کی تقریب ایوان صدر میں منعقد ہوئی جس میں وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی، چیف سیکرٹری سمیت دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق دوسرے مرحلے میں مزید وزرا اور مشیر بھی کابینہ میں شامل کیے جائیں گے۔

بقیہ 49

ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو دوبارہ عروج وزوال کے معاشی چکر میں نہیں جانے دیں گے، نجی شعبے کے سرمایے کو متحرک کرنا معاشی ترقی کے لیے اہم ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور نجکاری کے ذریعے سرمایہ کاری کا فروغ ممکن ہے، پائیدار معاشی استحکام کے لیے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں شفافیت، کارکردگی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو ترجیح دی جائے گی، پی پی پیز کے ذریعے بنیادی ڈھانچے اور عوامی خدمات کے منصوبوں میں نجی سرمایہ کاری بڑھانا ہوگی۔

بقیہ 50

اداروں کی مؤثر کارروائیوں کے نتیجے میں 133 ارب روپے سے زائد مالیت کی منشیات ضبط اور تلف کی گئی ہے، جو منشیات کے خلاف حکومت کے پختہ عزم اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مؤثر کارکردگی کا مظہر ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ منشیات کے خلاف کارروائیوں کے دوران 1,638 کلوگرام آئس (کرسٹل) اور 620 کلوگرام چرس قبضے میں لے کر تلف کی گئی، جبکہ بلوچستان میں گزشتہ دو برس کے دوران 27 ہزار سے زائد غیر ملکی شراب اور بیئر کی بوتلیں اور کین بھی ضبط کر کے تلف کیے گئے

بقیہ 51

کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ سے متعلق میٹنگ کے پہلے اجلاس میں دفاعی اتحاد میں توسیع پر بھی مشاورت ہوئی، توسیع کب ہوتی ہے تفصیل سے بات چیت کی گئی، اجلاس میں نئے لوگوں کے مکہ معاہدہ میں شامل ہونے کے پروسیجر پر بھی مشاورت ہوئی، کتنی مدت کے بعد نئے ممبران کے لیے دروازے کھولنے چاہیے اس پر بات ہوئی ہے، اگلی ملاقات میں وہ پروسیجر سامنے آجائے گا۔ خواجہ آصف کے مطابق مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ سے متعلق آئندہ اجلاس اکتوبر کے شروع میں ہوگا، اجلاس کہاں ہوگا اس بارے فیصلہ باہمی مشاورت سے ہوگا، جب ضرورت پڑے گی مکہ دفاعی اتحاد کا سربراہی اجلاس بھی ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ اجلاس میں تنظیم کے ڈھانچہ، عہدیداروں اور سیکرٹریٹ کے بارے مشاورت ہوئی ہے، سیکرٹری جنرل اور اس کے نیچے کے ڈھانچہ اور دفاتر پر بات چیت ہوئی ہے۔ پاکستان سے سیکرٹری جنرل کون ہوگا میرے علم میں نہیں۔

بقیہ 52

ان کی استعداد کار بڑھانے کے لئے تعاون کے امکانات پر غور کرنے کے سلسلے میں وزیراعظم آفس میں ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کوروٹ سسٹرز کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اس معاہدے کی دستخطی تقریب میں چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 53

احسن اقبال کا کہنا تھا کہ قرض لے کر زرمبادلہ کی ضروریات پوری کرنا محض ایک وقتی حل ہے، مستقل علاج نہیں۔ دنیا کے ترقی پذیر ممالک نے برآمدات بڑھا کر ہی پائیدار ترقی حاصل کی ہے، اور پاکستان کو بھی معاشی بحران سے نکلنے کے لیے 100 ارب ڈالر کی برآمدات کے ہدف کی طرف بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سیاسی عدم استحکام اور پالیسیوں کے تسلسل کا فقدان پاکستان کی ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ رہا ہے۔

بقیہ 54

جبکہ تربیلا، منگلا اور چشمہ کے ریزروائرز میں قابل استعمال پانی کا مجموعی ذخیرہ 1 کروڑ 15 لاکھ 47 ہزار ایکڑ فٹ تک پہنچ گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق تربیلا کے مقام پر دریائے سندھ میں پانی کی آمد اور اخراج دونوں 2 لاکھ 20 ہزار 800 کیوسک ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ اسی طرح منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد 25 ہزار 700 کیوسک جبکہ اخراج 9 ہزار کیوسک ہے۔ چشمہ بیراج میں پانی کی آمد 3 لاکھ 7 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 88 ہزار 800 کیوسک ہے۔ ہیڈ مرالہ کے مقام پر دریائے چناب میں پانی کی آمد 61 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 37 ہزار 200 کیوسک ہے، جبکہ نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل میں پانی کی آمد و اخراج برابر یعنی 30 ہزار 100 کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ آبی ذخائر کی تازہ ترین صورتحال کچھ اس طرح سے ہے۔ تربیلا ریزروائر میں پانی کی سطح 1550 فٹ جبکہ پانی کا ذخیرہ 55 لاکھ 80 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔ منگلا ریزروائر میں پانی کی سطح 1221.35 فٹ جبکہ پانی کا ذخیرہ 56 لاکھ 82 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔ چشمہ ریزروائر میں پانی کی سطح 648.50 فٹ جبکہ پانی کا ذخیرہ 2 لاکھ 85 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔ واپڈا ترجمان نے واضح کیا ہے کہ تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد و اخراج کے اعداد و شمار گزشتہ 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی بنیاد پر ہیں، جبکہ ہیڈ مرالہ سمیت دیگر مقامات کی تفصیلات گذشتہ صبح 6 بجے تک کی ہیں۔

بقیہ 55

چوتھے روز اس وقت کی بھارتی وزیر خارجہ اندرا گاندھی نے دعویٰ کرتے ہوئے دھمکی دی کہ بھارت پاکستان کے ساتھ کشمیر کے تنازع کو ایک ہی دفعہ بذریعہ طاقت حل کرے گا چینی وزیر خارجہ نے پاکستان کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے جارحیت کا ارتکاب کیا ہے۔ چین کے سرکاری اخبار پیپلز ڈیلی نے لکھا کہ بھارتی افواج کی پاکستانی سرزمین میں جبری مداخلت پر پاکستان کی مسلح افواج نے اپنے دفاع میں بھارتی فوجوں کو لائن آف کنٹرول سے پیچھے دھکیل دیا۔

بقیہ 56

انتظامی معاملات درست کرنا ہوں گے۔ چیئرپرسن کمیٹی سینیٹر بشریٰ انجم بٹ نے جامعہ اردو کے مسائل کے حل اور کمیٹی کی ہدایات پر عمل درآمد کی نگرانی کے لیے سینیٹ کی ذیلی کمیٹی قائم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ فنڈز کے اجرا کے لیے یونیورسٹی کو اپنے انتظامی معاملات بہتر بنانا ہوں گے، جبکہ گزشتہ سنڈیکیٹ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کی قانونی حیثیت پر بھی سوال اٹھا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں وفاقی اردو یونیورسٹی آف آرٹس، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کی عدم ادائیگی، تدریسی و غیر تدریسی اسٹاف کی تفصیلات، یونیورسٹی سنڈیکیٹ کی تشکیل اور دستیاب فنڈز سمیت یونیورسٹی پر واجب الادا تنخواہوں اور پنشنز سے متعلق ایجنڈا پیش کیا گیا۔ سینیٹر خالدہ اطیب نے وائس چانسلر وفاقی جامعہ اردو سے سوال کیا کہ یونیورسٹی میں طلبہ کی تعداد بتدریج کم ہورہی ہے، سال 2024-25 میں 17 ہزار 58 طلبہ تھے 2025-26 میں 16 ہزار 654 اور 2026-27 میں 16 ہزار 259 طلبہ، کیا معیار تعلیم اچھا نہیں یا یونیورسٹی مینجمنٹ کا کوئی مسئلہ ہے؟ شیخ الجامعہ ضابطہ شنواری نے بتایا کہ پورے پاکستان میں پچھلے دو سال کے دوران بنیادی سائنسز کے شعبوں کے داخلوں میں 12 فیصد کمی ہوئی ہے، طلبہ بوٹنی، زوالوجی، جغرافیہ، ماحولیات کے شعبوں میں داخلے نہیں لے رہے۔ سینیٹر خالدہ اطیب نے استفسار کیا کہ سال 2025-26 کے دوران گرانٹ میں 17 فیصد ہوا اس کے باوجود کس وجہ سے مسائل درپیش ہیں؟ وی سی نے بتایا کہ فنڈ میں 10 فیصد جبکہ تنخواہوں میں 20 فیصد اضافہ ہوا، دس سال میں یونیورسٹی کی گرانٹ میں کوئی اضافہ نہیں ہوا لیکن تنخواہیں دگنی ہوگئیں، آمدنی کے ذرائع محدود ہیں جبکہ اخراجات دگنے ہوچکے ہیں، ان کا کہنا تھا کہ سنہ 2002 میں وفاقی اردو کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دیا گیا، ہر شعبے کی رقم تنخواہوں اور پنشن کی مد میں ادا کی جاتی رہی جس میں کالج کے زمانے کے اساتذہ اور ملازمین بھی شامل ہیں، اس لیے یونیورسٹی کا کوئی کام نہیں ہو پارہا، دو سال پہلے تک یونیورسٹی کے ذمہ واجب الادا رقم دو ارب روپے تھی، تین وفاقی یونیورسٹیز کیلئے بیل آؤٹ پیکیج منظور ہوا لیکن جامعہ اردو کو نہیں ملا۔ چیئرپرسن بشریٰ انجم بٹ نے استفسار کیا کہ باقی یونیورسٹیز کو پیسے مل گئے لیکن جامعہ اردو کیوں رہ گئی؟ وفاقی وزارت تعلیم کے ایڈیشنل سیکرٹری نے بتایا کہ جامعہ اردو کا دعویٰ ہے کہ 2002 سے پہلے بھی یہ ملازمین وفاقی حکومت سے تنخواہ لے رہے تھے، انہوں نے اپنے دعوے کے حق میں دستاویزات جمع نہیں کرائیں جبھی ان کو فنڈ نہیں مل سکا۔ سینیٹر سرمد علی نے کہا کہ وفاقی اردو یونیورسٹی کی آمدنی اور اخراجات میں فرق ہے، کچھ ملازمین بغیر کسی ضابطے کے بھرتی کیے گئے جس کی وجہ سے تنخواہوں کا بل بڑھ گیا، ان ملازمین میں تدریسی اور غیر تدریسی دونوں اسٹاف شامل ہیں۔ وائس چانسلر اردو یونیورسٹی کا کہنا تھا کہ ان ملازمین کی ضرورت نہیں تھی، اس متعلق ایچ ای سی اور وزارت تعلیم کی کمیٹی بنی لیکن ان بھرتیوں پر آج تک اس کمیٹی کا اجلاس نہیں ہوا، 500 نان ٹیچنگ اسٹاف کو بغیر کسی اشتہار کے بھرتی کیا گیا۔ سینیٹر بشریٰ انجم بٹ نے وائس چانسلر کو ہدایت دی کہ اگلے اجلاس میں جامعہ اردو میں بھرتیوں سے متعلق تفصیلات پیش کی جائیں، تمام بھرتی ہونے والوں کی فہرستیں، اشتہارات اور دیگر ضروری معلومات کمیٹی میں پیش کریں، اگر وفاقی حکومت یونیورسٹیز کو سبسڈیز اور بیل آؤٹ پیکیج دے کر چلائے گی تو یہ مسائل ہمیشہ موجود رہیں گے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ بھرتیاں پیپرا رولز کے مطابق ہوئیں لیکن سیاسی بھرتیاں ہیں۔ سینیٹر خالدہ اطیب نے کہا کہ سیاسی بھرتیوں کی وجہ سے یونیورسٹی کے بنیادی مسائل پر توجہ نہیں دی گئی، انتظامیہ تبدیل ہوتی رہی، بھرتیاں ہوتی رہیں، اگر وائس چانسلر قوانین فالو کرتے ہوئے مطالبہ کرتے تو اردو یونیورسٹی اسلام آباد کی طرح ان کو بھی گرانٹ مل جاتی۔ سینیٹر وقار مہدی نے کہا کہ سنہ 2023 میں بھی اردو یونیورسٹی کے فنڈنگ اور تنخواہوں کے مسائل پر اسلام آباد میں اجلاس ہوا تھا، اس وقت کے وائس چانسلر ڈاکٹر ضیا نے شرکت کی تھی، آج بھی وہی مسئلہ درپیش ہے 2023 سے اب تک کوئی تبدیلی نہیں آئی 2017 کے بعد سے جو ملازمین ریٹائر ہوئے ان کو واجبات ادا نہیں کیے گئے، اساتذہ کی ترقیاں زیر التوا ہیں، یونیورسٹی کی سنڈیکیٹ اور سینیٹ غیر فعال ہے۔

بقیہ 57

کی جائے گی، جن کی منظوری سے قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ اجلاس اہم نوعیت کا ہوگا، جس میں حکومت کی جانب سے مختلف اہم قوانین ایوان میں پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ اجلاس کے دوران قانون سازی کے علاوہ قومی اہمیت کے مختلف معاملات بھی زیر بحث آنے کی توقع ہے۔

بقیہ 58

، رواں برس پرائیویٹ حج سکیم کے پیکیج 14 لاکھ سے ساڑھے 37 لاکھ روپے کے درمیان ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ پرائیویٹ سکیم میں مختصر دورانیے، بیرون ملک سے براہ راست پروازوں اور فائیو اسٹار حج پیکیج کے انتخاب کی سہولت موجود ہے۔ ترجمان مذہبی امور نے کہا کہ پرائیویٹ عازمین حج پیکیج کا انتخاب اور ادائیگی صرف حج پورٹل یا پاک حج ایپ کے ذریعے کریں، کسی فرد یا کمپنی کو براہ راست رقم کی ادائیگی کی صورت میں وزارت کسی نقصان کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق رواں برس پرائیویٹ حج سکیم کے لیے 71 ہزار 684 نشستیں مختص کی گئی ہیں، جبکہ پیکیج کے انتخاب اور ادائیگی کی آخری تاریخ 20 نومبر مقرر کر دی گئی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ مقررہ تاریخ تک کوٹہ مکمل نہ ہونے کی صورت میں وزارت کو از سرنو کوٹہ مختص کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

بقیہ 59

مجموعی سالانہ شرح 8.35 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے۔ ادارہ شماریات کے اعداد و شمار میں بتایا گیا کہ ایک ہفتے میں پیاز 26.30 فیصد مہنگی جبکہ ٹماٹر 2.55 اور آلو کی قیمتوں میں 0.96 فیصد کا اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کے مطابق پیٹرول 0.90 فیصد اور ڈیزل 0.09 فیصد مہنگا ہوا، جس سے آٹا، چکن اور دال ماش کی قیمتیں بھی بڑھ گئیں، حالیہ ہفتے 7 اشیا سستی ہوئیں جبکہ 27 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ ایک ہفتے کے دوران کیلے 2.54 فیصد اور دال مونگ 0.69 فیصد سستی ہوئی، چینی، انڈے، دال چنے اور گڑ کی قیمتوں میں بھی کمی ہوئی۔

بقیہ 60

گیا، خاتون نے عدنان خان، حرا اور دیگر پر مبینہ الزامات عائد کیے۔ مدعیہ کے مطابق فیملی سے ملوانے کا جھانسہ دے کر فارم ہاؤس لے جایا گیا جہاں اسے زیادتی کا نشانہ بنایا گیا، جبکہ جوس میں نشہ آور شے پلائی گئی اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں۔ خاتون نے پہلے تھانہ شالیمار سے رجوع کر کے درخواست دی، پولیس نے سی ڈی آر کے مطابق فارم ہاؤس کی لوکیشن ٹیکسلا، راولپنڈی بتائی۔ شالیمار پولیس نے متاثرہ خاتون کا ہسپتال سے میڈیکل چیک اپ اور ڈی این اے سیمپلز محفوظ کرائے، بعد ازاں معاملہ تھانہ ٹیکسلا ریفر ہونے پر خاتون کی درخواست پر ٹیکسلا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ ٹیکسلا پولیس کے مطابق تفتیش شروع کر دی گئی تو موبائل فون ٹاور لوکیشن کی حدود میں کوئی فارم ہاؤس نہیں ملا۔ پولیس کے مطابق جائے وقوعہ فارم ہاس کی نشاندہی کے لیے خاتون کو طلب کیا گیا تاہم وہ تھانہ ٹیکسلا نہیں پہنچی۔ پولیس کے مطابق جائے وقوعہ کی نشاندہی کے لیے مدعیہ کا تعاون درکار ہے، لیکن طلب کرنے پر بھی وہ نہیں آئی۔

بقیہ 61

گرفتار کرلیے گئے۔ ترکیہ میں جنوری تا اگست تقریباً 95 ہزار غیر قانونی تارکین وطن حراست میں لیے گئے، اعداد و شمار کے مطابق گرفتار غیر قانونی تارکین وطن میں سب سے بڑی تعداد افغان شہریوں کی ہے۔ ترک حکام کے مطابق گرفتار افغان باشندوں کے پاس قانونی رہائشی دستاویزات موجود نہیں تھیں، اقوام متحدہ کے مطابق 2026 کے پہلے 5 ماہ میں 13 ہزار سے زائد افغان شہریوں کو ترکیہ سے ملک بدر کیا جاچکا ہے۔

بقیہ 62

گیا۔ جسم پر دانوں کی شکایت پر متاثرہ نوجوان کے سیمپلز ٹیسٹ کے لیے بھیجے گئے، پی سی آر ٹیسٹ میں ایم پاکس کی تصدیق ہوئی، متاثرہ مریض نیپا ہسپتال کے آئسولیشن وارڈ میں داخل ہے۔ رواں سال منکی پاکس کے 41 تصدیق شدہ کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں، سندھ میں 28 اور کراچی میں 13 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔

بقیہ 63

شتہ دار کیلئے کچھ نہیں مانگا، نہ ٹرانسفر پوسٹنگ کی ہے۔ جنید اکبر نے کہا شاہ فرمان نے بھائی کو ٹکٹ دیا، ایک ٹھیکہ دار سے اپنے خرچے چلاتا تا، شاہ فرمان نے سابق صوبائی وزیر شکیل خان سے کہا تھا کہ فلاں سے ایک ارب روپے لوں گا، شاہ فرمان نے شکیل خان سے کہا تھا کہ 50 کروڑ آپ کے اور 50 کروڑ روپے میرے، یہ گھٹیا لوگوں کا کام ہے، مانگنا مجھے نہیں آتا۔ جنید اکبر کی آڈیو پر سابق گورنر اور پی ٹی آئی رہنما شاہ فرمان نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جنید اکبر کے الزامات کی کوئی معنی نہیں رکھتے، جنید اکبر کو جو ذمہ داری دی گئی ہے، اس پر توجہ دیں، مجھ پر کرپشن کے الزامات لگانے سے قبل ان کو سوچ لینا چاہیے۔ شاہ فرمان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے مجھ پر اعتماد کر کے پارٹی احتساب کمیٹی کا ممبر بنایا، بطور گورنر میں نے کروڑوں روپے سرکاری خزانے میں جمع کرائے تھے۔

بقیہ 64

تحفظ، نگہداشت اور زندگی کا حق حاصل تھا، کسی بھی خاندان کو اپنے لخت جگر کے حوالے سے اس قدر ناقابل تصور صدمے سے نہیں گزرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ غمزدہ والدین اور خاندانوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور ان کے لیے دلی ہمدردی اور دعائیں ہیں۔ اس المناک واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ واقعے کے ذمہ داران کا تعین کیا جا سکے۔ سینیٹر سرمد علی نے کہا کہ جہاں بھی غفلت یا حفاظتی اقدامات اور ضابطوں کی خلاف ورزی ثابت ہو، وہاں قانون کے مطابق ذمہ داروں کے خلاف مناسب کارروائی عمل میں لائی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال عوام کے لیے تحفظ، علاج اور شفا کے مراکز ہونے چاہئیں، انہیں خوف اور خطرے کا باعث نہیں بننا چاہیے۔ سینیٹر سرمد علی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں کے والدین اور اہل خانہ کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی ہمت، صبر اور حوصلہ عطا فرمائے اور انہیں سکون قلب نصیب کرے۔ آمین۔

بقیہ 65

یک پرائیویٹ روم کی حالت دیکھ کر اسٹاف پر برہم ہو گئے اور کہا دیوار کی حالت خراب ہے اور اس کو آپ پینٹ کر رہے ہیں، کسی دن یہ دیوار گرے گی پھر ہم سب یہاں آئیں گے۔ مصطفیٰ کمال نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر سلمان سے کہا کہ آپ کو ہسپتال سمجھنے میں 6 ماہ نہیں ملیں گے، فوری کام کرنا ہوں گے، ہسپتال کی مینٹیننس روزانہ نہیں دیکھیں گے تو کیا ہے؟، جو اپنا کام نہیں کر رہا اسکو فوری نکالیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کوئی کسی کا بھی آدمی ہے وہ کام نہیں کر رہا اسکو فارغ کردیں، باہر سے آ کر کوئی کام نہیں کرے گا، انتظامیہ ایکشن لے میں فارغ کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ میرے پاس ایک صفحہ نہیں آیا جس میں یہ بتایا ہو کہ کوئی شخص کام نہیں کر رہا، کوئی کام نہیں کر رہا تو روزانہ 10 لوگ نکال دیں۔ پمز کی انتظامیہ نے وفاقی وزیر صحت سے شکایت کی کہ یہاں پاور سینٹرلائزڈ ہے، انتظامی طاقت یہاں ایک شخص کے پاس ہے، جس پر مصطفیٰ کمال نے کہا آپ لکھ کر دیں طاقت بانٹ دیتے ہیں، ایک صفحے پر لکھ کر دیں کہ کیا ماڈل ہونا چاہیے۔

بقیہ 66

شعبہ جات کا مشاہدہ کیا۔ طلبہ نے کیڈٹس کی شاندار پریڈ، پیشہ ورانہ تربیت اور نظم وضبط کو سراہا۔ طلبہ و طالبات کی کمانڈنٹ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول سے خصوصی نشست بھی ہوئی، جس میں انہوں نے کیڈٹس اور لیڈی کیڈٹس سے تربیت کے مختلف مراحل کے حوالے سے گفتگو کی۔ طلبہ نے پی ایم اے کاکول میں کیڈٹس کی تعلیم، تربیت، نظم وضبط اور پیشہ ورانہ تیاری کا مشاہدہ اپنے لیے بہترین تجربہ قرار دیا۔ اس موقع پر طلبہ وطالبات نے اپنے تاثرات میں کہا کہ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول کا دورہ ان کے لیے باعث فخر اور اعزاز ہے۔ کیڈٹس کی تعلیم و تربیت کو قریب سے دیکھ کر بے حد خوشی ہوئی۔ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کے شرکا نے دورے کو معلوماتی، یادگار اور تربیتی اعتبار سے اہم قرار دیتے ہوئے کیڈٹس کی تربیت کے مراحل کو قریب سے دیکھنے کے موقع کو سراہا۔

بقیہ 67

حسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم، کردار، نظم وضبط اور قومی اتحاد کے ذریعے دشمن کے گمراہ کن پروپیگنڈے کا مقابلہ کریں گے۔ ستمبر 1965 میں لاہور سے چونڈہ تک قوم اور مسلح افواج نے بے مثال بہادری کا مظاہرہ کیا۔ کشمیری نوجوان نے کہا کہ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید سمیت تمام شہدا کی قربانیاں نئی نسل کے لیے مشعل راہ ہیں۔ 1965 کی جنگ میں کشمیر کے محاذ پر پاک فوج کے جوانوں نے بے مثال بہادری کا مظاہرہ کیا۔ بھارتی پراکسیز اور فتنہ پرور عناصر کے خلاف لڑنے والے جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ کشمیری نوجوان نے کہا کہ معرکہ حق نے ثابت کیا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور دفاع پر کسی دباؤ کو قبول نہیں کرتا۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ باہمی سلامتی کے عزم کا عکاس ہے۔ [illegible] دریافت کریں کشمیری نوجوانوں نے دشمن کے گمراہ کن پروپیگنڈے کا بھرپور مقابلہ اور قومی اتحاد کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اعادہ کیا ہے۔

بقیہ 68

تناسب 8.8 فیصد سے بڑھ کر 10.3 فیصد ہوگیا، مجموعی خسارہ 12.5 فیصد سے کم ہو کر 6.2 فیصد رہ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں، معاشی استحکام مشکل فیصلوں کے نتیجے میں حاصل ہوا، اسے مستقل بنانا ہے، پاکستان کو دوبارہ عروج و زوال کے معاشی چکر میں نہیں جانے دیں گے، معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب بڑھنا ہے، بنیادی ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر عمل درآمد کا سلسلہ جاری رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں نجی شعبے کو ملک کی معاشی قیادت کا کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ہے، نجی شعبے کے سرمایہ کو متحرک کرنا معاشی ترقی کے لیے اہم ہے، پائیدار معاشی استحکام کے لیے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، پبلک پرائیویٹ شراکت داری اور نجکاری کے ذریعے سرمایہ کاری کا فروغ ممکن ہے، پی پی پیز کے ذریعے بنیادی ڈھانچے اور عوامی خدمات کے منصوبوں میں نجی سرمایہ کاری بڑھانا ہوگی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں شفافیت، کارکردگی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو ترجیح دیں گے، سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں، معاشی ترقی کے لیے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان شراکت داری مزید مضبوط بنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ قلیل مدت میں ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 11 سے 12 فیصد تک لے جانا ہے، آئی ٹی سروسز کی برآمدات گزشتہ مالی سال 4.6 ارب ڈالر رہیں، آئی ٹی برآمدات میں فری لانسرز نے 1.6 ارب ڈالر کا حصہ ڈالا، اشیا کی برآمدات تقریباً 30 ارب ڈالر پر برقرار رہیں، اس شعبے میں مزید کام کرنا ہوگا، توانائی، سرکاری اداروں، ٹیکس اور نجکاری کے شعبوں میں اصلاحات جاری ہیں۔

بقیہ 69

ٹریڈ ایگریمنٹ نے پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان تجارت کے حجم میں اضافے کی حوصلہ افزائی میں مدد دی ہے۔ آذربائیجان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی سے گفتگو میں سفیر قاسم محی الدین نے کہا کہ تجارتی لین دین کے زیادہ موثر اور بروقت تصفیے کے لیے کسٹم قوانین اور ضوابط کو ہم آہنگ کرنے اور کمرشل بینکوں کے درمیان تعاون کے طریقہ کار کو مربوط بنانے کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں۔ قاسم محی الدین نے کہا کہ اگرچہ دوطرفہ تجارت میں اضافہ ہمارے دونوں ممالک کے درمیان موجود بہترین سیاسی تعلقات کے شایان شان نہیں تاہم دونوں ممالک کے کاروباری شعبوں کو مزید قریب لانے کے لیے کوششیں جاری ہیں، ان دونوں اہم معاہدوں کے نفاذ کے بعد باکو اور پاکستان کے مختلف تجارتی مراکز میں کاروباری اداروں کے درمیان بڑے پیمانے پر بزنس ٹو بزنس روابط اور ملاقاتوں کا سلسلہ شروع ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سرکردہ چیمبرز آف کامرس اور کاروباری تنظیموں کے وفود بھی باقاعدگی سے باکو کا دورہ کر رہے ہیں اور مواقع تلاش کرنے کے لیے اپنے ہم منصبوں سے ملاقاتیں کر رہے ہیں، اسی طرح ہمیں یہ دیکھ کر بھی خوشی ہے کہ آذربائیجان کے ممتاز کاروباری افراد پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔ یہ خوش آئند روابط ہمارے نجی شعبوں کو ٹھوس کاروباری مواقع کی نشاندہی کرنے اور پائیدار کاروباری شراکت داری قائم کرنے میں مدد دے رہے ہیں۔ پاکستانی سفارت کار نے زور دیتے ہوئے کہا کہ دوطرفہ تجارت کا فروغ ہماری قیادت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اسی لیے بین الحکومتی کمیشن کے اجلاسوں کے دوران بھی اس معاملے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ ہمارا مشترکہ مقصد مضبوط سیاسی تعلقات سے استفادہ کرتے ہوئے ٹھوس، قابل عمل اور پائیدار اقتصادی تعاون کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ 70

اہم ذریعہ ہیں۔ وہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے زیر اہتمام جمعہ کو یہاں پرائیویٹ کیپٹل کو متحرک کرنا، پی پی پی اور نجکاری پر قومی سٹریٹجک ڈائیلاگ سے خطاب کر رہے تھے۔ مشیر نجکاری نے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری، نظم وضبط، ہنر مند انسانی وسائل اور اختراع کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو انفراسٹرکچر اور بنیادی انسانی ضروریات، ہنر مند انسانی وسائل، نظم وضبط اور اختراع میں مستقبل کی عالمی معیشت میں متعلقہ رہنے کے لیے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات میں نمایاں اضافہ ہوگا کیونکہ ہماری آبادی اس وقت لگ بھگ 230 ملین سے بڑھ کر 2050 تک تقریباً 390 ملین تک پہنچنے کا امکان ہے، اس تناظر میں بنیادی شہری ڈھانچے کی ضرورت میں تقریباً 100 فیصد اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو مزید ہسپتال، سکول، توانائی اور پانی کے بنیادی ڈھانچے، ریلوے، ہوائی اڈے اور بندرگاہیں تیار کرنے کی ضرورت ہوگی۔ مشیر نجکاری نے کہا کہ حکومت اکیلے ملک کی بڑھتی ہوئی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو پورا نہیں کرسکتی، خاص طور پر ویتنام میں 32 فیصد اور چین میں 40 فیصد کے مقابلے میں پاکستان کی نسبتاً کم بچت کی شرح تقریباً 14 فیصد ہے۔ محمد علی نے کہا کہ انتظامی نقطہ نظر سے نجکاری بھی اتنی ہی اہم ہے کیونکہ کمانے کے لیے قائم کی جانے والی کمپنیوں کو عوامی پیسے کا استعمال جاری نہیں رکھنا چاہیے اور ان کا انتظام نجی شعبے کو کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ سیکٹر ریونیو چیلنج کو کم کرنے اور آپریشنل کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے نظام متعارف کرواتے ہوئے سرمایہ، انتظامی صلاحیتیں، جدت اور بہتر خدمات لا سکتا ہے، پاکستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ مانیٹر کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 1990 سے لے کر اب تک تقریباً 36 ارب ڈالر مالیت کے 154 پی پی پی منصوبے مالیاتی مراحل کی تکمیل کے قریب پہنچ چکے ہیں، جو اس طرح کے منصوبوں کی فراہمی کی پاکستان کی صلاحیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے پی پی پی پورٹ فولیو کو ایشیائی ترقیاتی بینک کی طرف سے ترقی پذیر دنیا میں سب سے اوپر 14 میں اور پاکستان کی معیشت کے حجم کے مقابلے میں سب سے اوپر 10 میں شامل کیا گیا تھا۔ محمد علی نے کہا کہ پاکستان کے پاس پہلے سے ہی ضروری قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک موجود ہے، فیڈرل پی پی پی اتھارٹی ایکٹ 2017 میں نافذ کیا گیا تھا اور چاروں صوبوں کے اپنے اپنے پی پی پی قوانین اور ادارے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرل پی پی پی اتھارٹی، جسے P3A کا نام دیا گیا ہے، پی پی پیز، اثاثہ جات کی مونیٹائزیشن اور نجکاری کو ایک چھت کے نیچے لانے کے لیے نجکاری ڈویژن کے تحت مضبوط کیا جا رہا ہے جس سے طریقہ کار کو آسان بنایا جائے گا، سرمایہ کاروں کے رابطوں میں بہتری آئے گی اور کارکردگی میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ پی پی پی پائپ لائن میں سڑکوں، ریلوے، ہسپتالوں، مہمان نوازی، ہوابازی اور صنعتی اسٹیٹس میں تقریباً 6.5 ارب ڈالر مالیت کے 38 منصوبے شامل ہیں۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اس پائپ لائن کو نمایاں طور پر وسیع کرنے کی ضرورت ہے۔ نجکاری کے حوالہ سے انہوں نے کہا کہ حکومت اس وقت بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں، ہوائی اڈوں، انشورنس کمپنیوں اور بینکوں پر مشتمل 27 ٹرانزیکشنز پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی نجکاری کو حکومت کی پیچیدہ نجکاری کی صلاحیت اور عزم کا ثبوت قرار دیا۔ انہوں نے بتایا کہ تقریباً 600 ارب روپے کا ورثہ میں ملنے والا قرضہ ہولڈنگ کمپنی کو منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ آمدنی کا ایک اہم حصہ تقریباً 450 ملین ڈالر اس کی بحالی کے لیے ادارے میں چلا گیا۔ پاور سیکٹر کے بارے میں محمد علی نے کہا کہ حکومت بجلی کی تقسیم کے نو اثاثوں کی فروخت پر کام کر رہی ہے جس کا مقصد نہ صرف اثاثوں کی نجکاری کرنا ہے بلکہ پاور سیکٹر میں اصلاحات، مسابقتی سپلائی نظام متعارف کرانا اور اس شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ انہوں نے پی پی پی کے شعبوں اور لین دین میں وسیع تنوع کی ضرورت پر بھی روشنی ڈالی نیز پی پی پی کے پانچ حکام کے درمیان قانونی اور دیگر دستاویزات کو معیاری بنانے کی ضرورت پر بھی روشنی ڈالی تاکہ منصوبے کی تکمیل کو تیز کیا جا سکے۔ انہوں نے ملک کے بنیادی ڈھانچے اور اقتصادی ترقی کے مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے سرمایہ کاروں کے مضبوط اعتماد اور وزارتوں اور سرکاری اداروں کے درمیان مربوط کوششوں پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری اداروں اور وزارتوں کو اس ایک مشترکہ مقصد کے لیے اکٹھا ہونا ہوگا۔

بقیہ 71

ہوئے اپنے پیغام میں کہا کہ ہم اس پاک سرزمین کی سرحدوں کے امین اور اس کے رکھوالے ہیں۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ اس کے جاں نثاروں کی فہرست میں ہمارا نام بھی شامل ہے۔ سیکیورٹی اہلکاروں کے مطابق دشمن نے جب بھی میلی آنکھ سے دیکھا تو ہم نے جانوں کا نذرانہ دے کر ملک بچایا۔ پاکستان کو اس کی حقیقی منزل تک پہنچانے کے لیے ہمیں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، آئیں اس دھرتی کے تمام خوابوں کو قوم کے نام کریں اور پاکستان کو ترقی کی منزل تک پہنچائیں۔ سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کے عزم سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ہر قسم کے اندرونی و بیرونی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سینہ سپر ہیں۔

بقیہ 72

۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ہلاک ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور نیپال کی حکومت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی خطے کے ممالک کو غیر متناسب طور پر متاثر کر رہی ہے، موسمیاتی تبدیلی سے انسانی جانوں، روزگار اور بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ نائب وزیراعظم نے نیپال کی امدادی اور بحالی کی کوششوں کیلئے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس قدرتی آفت کے اثرات سے نمٹنے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 73

کے دوران ٹیکنالوجی کے ذریعے جنسی استحصال یا بدسلوکی کا شکار ہوئے۔ یہ انٹرنیٹ استعمال کرنے والے ممالک کے بچوں کا تقریباً ہر پانچواں بچہ ہے۔ تحقیق میں تقریباً 21 ہزار بچوں سے سروے کیا گیا اور متاثرہ نوجوانوں کے تفصیلی انٹرویوز بھی کیے گئے۔ ڈیڑھ کروڑ سے زیادہ بچوں کو ناپسندیدہ جنسی مواد دکھایا یا بھیجا گیا جبکہ تقریباً 90 لاکھ کو جنسی گفتگو یا تصاویر شیئر کرنے پر مجبور/دباؤ کا سامنا ہوا۔ نصف سے زیادہ واقعات سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر پیش آئے، جبکہ ایک فیصد سے بھی کم واقعات حکام کو رپورٹ کیے گئے۔ رپورٹ میں مصنوعی ذہانت کے ذریعے بچوں کی جعلی جنسی تصاویر بنانے کے بڑھتے ہوئے خطرے پر بھی تشویش ظاہر کی گئی ہے۔ یونیسیف نے ٹیکنالوجی کمپنیوں اور حکومتوں پر زور دیا ہے کہ بچوں کے تحفظ کے لیے پلیٹ فارم ڈیزائن، رپورٹنگ نظام اور قوانین کو مزید مضبوط کیا جائے۔

بقیہ 74

قربانیاں بالآخر پاکستان میں دیرپا امن اور استحکام کی راہ ہموار کریں گی۔ اشرفی نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج، پولیس اور سیکیورٹی ادارے بلوچستان، خیبر پختونخوا اور ملک کے دیگر حصوں میں قوم، عوام اور ملکی سالمیت کے تحفظ کے لیے بہادری سے اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی تعلیمات کے مطابق وطن کی سرحدوں کی حفاظت اور لوگوں کی جان و مال کا تحفظ ایک مقدس اور عظیم ذمہ داری ہے، اور اس فریضے کی انجام دہی کرنے والے افراد عزت، احترام اور خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ بلوچستان میں سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر افسوس اور مذمت کا اظہار کرتے ہوئے اشرفی نے کہا کہ حملہ آوروں نے نہ صرف پاکستانی سیکیورٹی فورسز کو نشانہ بنایا بلکہ مبینہ طور پر شہید اہلکاروں کی لاشوں کی بے حرمتی اور انہیں نذر آتش بھی کیا، جو انسانی وقار اور اسلامی اقدار کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اسلام انسانی لاشوں کی بے حرمتی کی سختی سے ممانعت کرتا ہے، حتیٰ کہ جنگ کے حالات میں بھی۔ انہوں نے قرآن کریم میں بیان کردہ واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس سے واضح ہوتا ہے کہ اسلام انسانی جان کے ساتھ ساتھ مرنے کے بعد بھی انسان کی تکریم اور تدفین کی کس قدر اہمیت دیتا ہے۔ اشرفی نے کہا کہ ایسے سفاکانہ اقدامات میں ملوث عناصر کا نہ اسلام سے کوئی تعلق ہے، نہ انسانیت سے اور نہ ہی بلوچستان یا خیبر پختونخوا کے عوام سے۔ ان کے مطابق یہ عناصر پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کرنے والی قوتوں کے آلہ ؟ کار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک ماضی میں بھی فتنہ ؟ خوارج اور فتنہ ؟ ہندوستان کے ایسے ہی پرتشدد اقدامات دیکھ چکا ہے، جن میں مساجد، عام شہریوں، پاک فوج اور سیکیورٹی اداروں کو نشانہ بنایا گیا اور انسانی جان کی حرمت کا کوئی لحاظ نہیں رکھا گیا۔ پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین نے کہا کہ دہشت گردی اور انتہاپسندی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے سیکیورٹی اداروں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں اور وہ تمام مشکلات کے باوجود ملک کے دفاع اور عوام کے تحفظ کا فریضہ جاری رکھیں گے۔ اشرفی نے کہا کہ حالیہ پیش رفت نے عالمی سطح پر پاکستان کے بڑھتے ہوئے وقار اور مقام کو بھی نمایاں کیا ہے، جبکہ معرکہ ؟ حق میں پاکستان کی کامیابی کے بعد دشمن قوتوں نے ملک کو غیر مستحکم کرنے کی کوششیں تیز کردی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دشمن کی تمام سازشیں ناکام ہوں گی اور شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ اشرفی نے کہا کہ پاکستانی قوم دہشت گردی اور انتہاپسندی کے خلاف متحد ہے اور انہیں یقین ہے کہ ملک میں امن اور استحکام مزید مضبوط ہوگا، جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوں گے۔

بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس کی جانب سے Youth Leadership and social Enterprise Development Program کے موضوع پر اہم راؤنڈ ٹیبل ڈسکشن میں شرکاء اظہار خیال کر رہے ہیں

بلوچستان میں امن و ترقی کے سفر کو ہر صورت آگے بڑھایا جائے گا، شاہد رند

امن دشمن عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں اس امر کا ثبوت ہیں کہ ریاست دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری طرح پرعزم ہے، معاون وزیراعلیٰ برائے اطلاعات

صوبے کے عوام نے ہمیشہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاستی اداروں کا ساتھ دیا ہے اور دہشت گردی کے خلاف قومی جدوجہد میں آئندہ بھی اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے قلات میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں، جرات اور بروقت کارروائیاں قابلِ فخر ہیں۔ امن دشمن عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں اس امر کا ثبوت ہیں کہ ریاست دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری طرح پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں۔ صوبے کے عوام نے ہمیشہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاستی اداروں کا ساتھ دیا ہے اور

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

ووٹ سے نمائندگی کا فیصلہ نہیں ہوتا ہے، مولانا محمد خان شیرانی

مکہ معاہدہ نہ امریکہ کے خلاف ہے اور نہ ہی اسرائیل کے خلاف ہے

کوئٹہ (آن لائن) رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ جاری حالات میں بہت سی قوتوں کی خواہش ہے کہ خانہ جنگی پیدا ہو لیکن ہماری عوام سے درخواست ہے کہ نہ تو اسٹیبلشمنٹ کا ساتھ دو، نہ ہی اس کے مقابلے میں آو، نہ مسلح تنظیموں کا ساتھ دو اور نہ ہی ان کے مقابلے میں آو، ہماری دعا ہونی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت سے اس خونریزی کا تدارک فرمائے اور ہم میں ہوش سے کام لینے کی صلاحیت اور یہ احساس پیدا کرے کہ ہم جس صف میں بھی ہوں ہمیں ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے کے بجائے مل بیٹھ کر ایک دوسرے کو سمجھنے اور سمجھانے کی توفیق دے

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

ہم امن دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، نور محمد دمڑ

ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے قلات میں سیکیورٹی فورسز اور بھاگ کچھی میں بلوچستان پولیس اور اے ٹی ایف کی کامیاب کارروائیوں کو قابلِ تحسین قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ سیکیورٹی اداروں کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط عزم کی عکاس ہیں۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کے امن کے لیے سیکیورٹی فورسز، پولیس اور اے ٹی ایف کی خدمات اور قربانیاں قابلِ فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کو

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

عوامی خدمت میری اولین ترجیح ہے، علی مدد جتک

مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و رہنما پیپلز پارٹی حاجی علی مدد جتک کی جانب سے ان کی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں علاقے کے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا۔ حاجی علی مدد جتک نے عوام کی شکایات اور مسائل کو نہایت توجہ سے سنا اور متعلقہ حکام کو مسائل کے فوری ازالے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے اور لوگوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے براہِ راست رابطہ اور ان

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

گوادر پروجیکٹ ڈائریکٹر پاکستان ریلوے گوادر منصوبہ جہانزیب خان ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان سے ملاقات کر رہے ہیں

عوام کو درپیش مسائل ان کی دہلیز پر حل کیلئے مؤثر حکمت عملی مرتب کرینگے، شعیب نوشیروانی

عوامی خدمت میں اپنا نصب العین سمجھتا ہوں خاران سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع کی یکساں اور متوازن ترقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

عوامی شکایات اور تجاویز کو سنجیدگی سے لیا جا رہا ہے اور متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی، صوبائی وزیر خزانہ کی وفد سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے اپنے دفتر میں خاران کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں نے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران علاقے کو درپیش مختلف مسائل، ترقیاتی ضروریات، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی امور سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات اور ضلع کی مجموعی ترقی کے حوالے سے بھی اپنی تجاویز صوبائی وزیر کے سامنے رکھیں اور اس کے علاوہ بعض لوگوں نے فرداً اپنے مطالبات صوبائی وزیر کے سامنے پیش کیے۔ صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی نے وفود اور شہریوں کے مسائل توجہ سے سنے اور متعلقہ حکام سے رابطے کے ذریعے مسائل کے

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

پروجیکٹ ڈائریکٹر ریلوے کی ڈائریکٹر جی ڈی اے سے ملاقات

گوادر (خ ن) پروجیکٹ ڈائریکٹر ریلوے یارڈ گوادر جہانزیب خان نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے عوام کی اولین ضرورت امن ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

انسانیت دشمنوں نے بلوچستان کو میدانِ جنگ بنا دیا ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ انسانیت دشمنوں نے پورے بلوچستان کو میدانِ جنگ بنا دیا ہے۔ صوبے بھر میں بدامنی، دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، لوٹ مار، جلاؤ گھیراؤ اور سڑکوں کی بندش سے عوام خوف و ہراس اور پریشانی کا شکار ہیں۔ حکومت اور سیکیورٹی ادارے عملی اقدامات کے بجائے صرف اعلانات اور تسلیوں تک محدود ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ میں صوبائی ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں

(بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

کاروباری طبقے کو جدید اور بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے، بابر خان

معیشت میں زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی زیر صدارت صوبے بھر میں پھل و سبزی منڈیوں غلہ منڈیوں، بس ٹرمینلز اور مویشی منڈیوں کی فعالیت اور ان میں سہولیات کی فراہمی سے متعلق جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز افسران کنسلٹنٹس اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے مختلف منصوبوں پر جاری پیش رفت درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے داود تنکیال اور سائرہ لہڑی کی ملاقات

خواتین کے لیے جاری حکومتی اقدامات، پالیسیوں اور مستقبل کے منصوبوں کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے یو این ویمن کے نمائندے داود تنکیال اور سائرہ لہڑی نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں خواتین کی ترقی، تحفظ، معاشی خودمختاری اور بااختیاری سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں خواتین کے لیے جاری حکومتی اقدامات، پالیسیوں اور مستقبل کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا، جبکہ خواتین کو تعلیم، صحت، ہنرمندی، روزگار اور معاشی مواقع کی فراہمی کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ ڈاکٹر ربابہ خان

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

پاکستان
پیپلز
پارٹی

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان میں شمولیت کرنیوالے ایڈووکیٹ سعید احمد، ثناء اللہ خلجی اور دیگر کا صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ، عبدالجبار خلجی، نصیب اللہ شاہوانی، شہزادہ خان کاکڑ، انجینئر میر احمد لانگو شمولیت کے ہمراہ گروپ فوٹو

تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کر دیا گیا

سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کو ہٹا کر راستے کلیئر

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کے کوئٹہ کو منظم، خوبصورت اور ماڈل شہر بنانے کے وژن کے تحت شہر کے مرکزی تجارتی علاقوں میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کر دیا گیا ہے۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے اینٹی انکروچمنٹ اور زرغون زون مانیٹرنگ سیل عملے نے پرنس روڈ، لیاقت بازار، فاطمہ جناح روڈ اور گردونواح کے مرکزی بازاروں میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی اینٹی انکروچمنٹ زون انچارج علی رضا درانی اور زرغون

(بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سی ای او بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام ''رائز'' پروگرام کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

گوادر سے کراچی، کوئٹہ فضائی کرایوں میں نمایاں کمی

گوادر (این این آئی) گوادر میں کاروباری سرگرمیوں اور فضائی آمدورفت کو فروغ دینے کیلئے پاکستانی ایئرلائنز نے شہر کے رہائشیوں کو بڑا ریلیف دیتے ہوئے گوادر سے کراچی اور کوئٹہ کے فضائی روٹس کے کرایوں میں نمایاں کمی کا اعلان کیا ہے اس اقدام سے مسافروں پر مالی بوجھ کم ہونے کی توقع ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ان روٹس پر پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز سمیت مختلف فضائی کمپنیاں پروازیں چلا رہی ہیں، تاہم ساؤتھ ایئر نے بلوچستان کے مختلف شہروں کے درمیان فضائی رابطے کو مزید بہتر بنانے

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

لورالائی کے علاقے ناصر آباد میں گھر پر ڈرون گر گیا

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی کے علاقے ناصر آباد میں گھر پر ڈرون گر گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق گزشتہ شب لورالائی کے رہائشی جیلانی نامی شخص کے گھر پر گرا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور متعلقہ انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی علاقے کو اور ملبے کو محاصرہ میں لیکر تحقیقات شروع کر دی۔

منگچر میں ٹریفک حادثے کے دوران خواتین بچوں سمیت 8 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) منگچر کے علاقے میں ٹریفک حادثے کے دوران خواتین بچوں سمیت 8 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر منگچر کے علاقے میں ٹریفک حادثے میں 8 افراد زخمی ہوگئے جن میں خواتین اور بچے شامل ہیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا زخمیوں میں 2 خواتین کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

بلوچستان بار کونسل کا پیر کو صوبہ بھر میں عدالتی ہڑتال کا اعلان

بھرتیوں کا عمل فوری طور پر روک کر شفاف تحقیقات کرائی جائیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل کا بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں اور رجسٹرار ہائی کورٹ کے وائس میسج پر شدید احتجاج، پیر کو صوبہ بھر میں عدالتی ہڑتال کا اعلان بلوچستان بار کونسل نے ہائی کورٹ بلوچستان کے رجسٹرار کی جانب سے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز اور متعلقہ افسران کو بھرتیوں کے حوالے سے جاری مبینہ وائس میسج کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے عدالتی انتظامیہ میں غیر ضروری مداخلت اور شفاف بھرتی کے عمل پر سنگین سوالیہ نشان قرار دیا ہے۔ مذکورہ وائس میسج میں مبینہ طور پر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کو بھرتیوں کے نتائج روکنے اور امیدواروں کے ٹیسٹ پیپرز

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستانی عوام کو خود اپنے تحفظ کی اجازت دے، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ و گردونواح میں کرائمز جرائم میں تشویشناک اضافہ ہو رہا ہے، امیر جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی مولانا خدائے نظر مولانا شراف الدین ملا تاج محمد اور دیگر نے ممتاز تاجر صلاح الدین نورزئی کے شہادت پر تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان بھر میں حالات تشویشناک حد کو پار کر گئے ریاست کی رٹ قائم نہیں نہ تاجر نہ مزدور وٹرانسپورٹر و مسافر محفوظ نہ عوام وڈاکٹر وسیکورٹی اہلکاروں کے جان محفوظ ہے بلوچستان نو گو ایریا بن چکا ہے اور حکمران طبقات کے امن کے قیام کی دعوے

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں صحت عامہ کا مسئلہ سنگین ہوتا جا رہا ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

حکومت ہسپتالوں کیساتھ بنیادی مراکزِ صحت، موبائل کلینکس اور ٹیلی میڈیسن کا دائرہ وسیع کرے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صحت عامہ کا مسئلہ مسلسل سنگین ہوتا جا رہا ہے، حکومت صورتحال کا فوری نوٹس لے اور صوبے میں مؤثر و مساوی نظامِ صحت کے قیام کیلئے ہنگامی اقدامات کرے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ہیپاٹائٹس، تپ دق، ملیریا، ڈینگی، سانس کی بیماریاں، غذائی قلت، ماں اور بچے کی صحت کے مسائل کے ساتھ کینسر، دل اور گردوں کی بیماریاں بھی بڑے چیلنجز بن چکی ہیں۔ صاف پانی کی کمی، ناقص نکاسی؟ آب، غربت، کم طبی آگاہی اور

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے رکن صوبائی اسمبلی رحمت صالح بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

ورینڈر لعل کی زیرِ صدارت واپڈا کے افسران کا ایک اہم اجلاس

واپڈا سمیت تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری ضروری ہے، گفتگو

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ورینڈر لعل کی زیرِ صدارت واپڈا کے افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایکسین واپڈا ویام منجھو ایس ڈی او واپڈا سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران واپڈا حکام نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو ضلع میں بجلی کے بقایاجات ریکوری کی صورتحال لوڈ شیڈنگ کے دورانیے بجلی کی فراہمی میں درپیش مشکلات اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی سے متعلق عوامی شکایات اور مسائل کا بھی جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

'یوتھ کا پاکستان' پروگرام میں ماحولیاتی، توانائی، آبی مسائل کو اُجاگر کیا گیا

پاکستان کے مسائل کا حل امانت و دیانت میں مضمر ہے: قدسیہ ناموس

کوئٹہ (آن لائن) یوم آزادی کے حوالے سے ''یوتھ کا پاکستان'' کے عنوان سے ایک شاندار پروگرام منعقد ہوا۔ حلقہ خواتین جماعت اسلامی اسلام آباد شعبہ جے آئی یوتھ کے تحت منعقد ہونے والے اس پروگرام میں نوجوان لڑکیوں نے پاکستان کو درپیش اہم مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے ان کے ممکنہ حل بھی پیش کیے۔ مہمانِ خصوصی ناظمہ حلقہ خواتین جماعت اسلامی اسلام آباد قدسیہ ناموس تھیں۔ ''یوتھ کا پاکستان'' میں اسلام آباد کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی نوجوان لڑکیوں نے اسٹیج اسکیٹس کے ذریعے پاکستان کے اہم ماحولیاتی، توانائی

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

الاٹیز کے حقوق کا تحفظ کیا جائے: ندیم ترین

عوامی نوٹس کے ذریعے الاٹمنٹس منسوخ کرنے کی دھمکی ناقابل قبول ہے

کوئٹہ (آن لائن) الاٹیز ایکشن کمیٹی کاسی بحریہ ٹاؤن کے سرپرستِ اعلیٰ ندیم ترین نے کہا ہے کہ کاسی بحریہ ٹاؤن کی انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ عوامی نوٹس اور حتمی اطلاع کا الاٹیز اور ان کی نمائندہ کمیٹی نے بغور جائزہ لیا ہے۔ نوٹس میں بقایا اقساط کی ادائیگی کے لیے مہلت دیتے ہوئے الاٹمنٹس منسوخ کرنے اور پلاٹس کو دوبارہ فروخت یا کسی دوسرے شخص کو الاٹ کرنے کا عندیہ دیا گیا ہے، جو الاٹیز کے لیے ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ الاٹیز کا بنیادی موقف یہ ہے کہ اسکیم کی زمین سے متعلق تنازعات، ترقیاتی کاموں کی عدم تکمیل، مختلف مقامات پر رکاوٹوں اور انتظامی مسائل کے باوجود الاٹیز سے رقوم وصول کی گئیں، جبکہ اب بقایا جات کا بہانہ بنا کر

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

تمبو میں ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ چار افراد زخمی

باباکوٹ میں زرعی اراضیات کے تنازعے پر دو گروہوں میں فائرنگ کا تبادلہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو باباکوٹ کے علاقے میں زرعی اراضیات تنازعہ شدت اختیار کر گیا شدید فائرنگ سے پورے علاقے میں سخت خوف و ہراس پھیل گیا مسلح افراد نے مورچے قائم کر کے شدید فائرنگ کرتے رہے مقامی افراد اپنے گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے پولیس کے مطابق تمبو باباکوٹ پولیس تھانے کی حدود میں زرعی اراضیات تنازعہ شدت اختیار کر گیا درجنوں مسلح افراد بھاری ہتھیاروں سے لیس ہو کر مورچے قائم کر کے شدید فائرنگ کرتے رہے جس سے پورے علاقے میں سخت خوف کی فضاء قائم ہوگئی مقامی افراد خوف

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

مکران ڈویژن میں بارشیں کم ہونے کی وجہ سے سوڈ ڈیم میں بمشکل 2 ماہ کے پانی کا ذخیرہ رہ گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے مکران ڈویژن میں بارشیں کم ہونے کی وجہ سے سوڈ ڈیم میں بمشکل 2 ماہ کے پانی کا

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں' 9 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل اور موبائل سنیچرز کرایہ داری ایکٹ منشیات فروشوں، غیر قانونی رہائش پذیر افغان باشندوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ ایمونیشن، منشیات چھینی گئی موٹر سائیکل، موبائل فون برآمد کر لئے جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 7 افغان باشندوں اور بغیر نمبر پلیٹ کے 20 موٹر سائیکلیں بند کر دیں پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

خاتون ٹیچر سے اسلحہ کے زور پر فون اور نقدی چھیننے والے 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پولیس نے خاتون ٹیچر سے اسلحہ کے زور پر فون اور نقدی چھیننے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات پر، ایس پی صدر شفقت امیر جنجوعہ کی نگرانی اور ڈی ایس پی صدر شوکت جدون کی سربراہی میں ایس ایچ او بروری نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے خاتون ٹیچر

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

بروری پولیس کی کارروائی 2 ڈاکو گرفتار سامان برآمد

کوئٹہ (آن لائن) بروری پولیس نے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے خاتون ٹیچر سے چھینا گیا پرس، موبائل فون، نقدی اور دیگر سامان چھیننے والے 2 ڈاکوؤں کو چوبیس گھنٹوں میں گرفتار کر کے سامان برآمد کر لیا۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی جانب

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں آٹے کے ریٹ کا سب سے گھمبیر مسئلہ ہے، خالد حسین باٹھ

حکومت حالات کی بہتری اور کسانوں کی خوشحالی کے لئے اقدامات اٹھائے

کوئٹہ (آن لائن) کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے بلوچستان کے حالیہ کشیدہ حالات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان واقعات میں بزنس مین، سول سوسائٹی، ایف سی پولیس، لیویز اور دیگر سرکاری اداروں کے لوگ شہید ہوگئے ہیں سیکورٹی صورتحال کی وجہ سے کسان بری طرح متاثر ہو رہا ہے حکومت حالات کی بہتری کے لئے اقدامات اٹھائے اگر کسان خوشحال ہوگا تو بلوچستان اور پاکستان خوشحال ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ کسان کسی بھی ملک کی غذائی قلت

(بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

انتظامیہ کی ناک کے نیچے قتل و غارت گری کا بازار گرم ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

دن دہاڑے شہریوں کو قتل کیا جا رہا ہے اور قاتل واردات کے بعد باآسانی فرار ہو جاتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور دیگر رہنماؤں نے امراو نظما کے نمائندہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ میں انتظامیہ کی ناک کے نیچے قتل و غارت گری کا بازار گرم ہے، دن دہاڑے شہریوں کو قتل کیا جا رہا ہے اور قاتل واردات کے بعد باآسانی فرار ہو جاتے ہیں، جبکہ انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے شہریوں کو تحفظ دینے میں ناکام دکھائی دے رہے ہیں۔ انہوں نے معروف تاجر صلاح الدین نورزئی کی ٹارگٹ کلنگ کی شدید مذمت

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

سرمایہ کاری کے عمل کو مزید آسان، شفاف اور تیز بنانا ہے، بلال کاکڑ

جھینگا فارمنگ منصوبے کیلئے 5 ارب روپے کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر پیش رفت ہوئی ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت BBoIT نے حالیہ عرصے میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور معاشی سرگرمیوں کے لیے متعدد اہم اقدامات اور کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ Balochistan Investment & Trade Expo (BITE) 2026 کے انعقاد کی تیاری جاری ہیں جبکہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں سے مؤثر روابط، اور مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے منصوبوں

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اسلام آباد کے شفاء انٹرنیشنل ہسپتال میں سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کی عیادت کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی ہی عوام کی امنگوں کی حقیقی ترجمانی کرتی ہے، ربانی کاکڑ

لوگ پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم پر اپنے مسائل کے حل کے لئے آتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ، میر نصیب اللہ شاہوانی سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی شہداء اور جیالوں کی پارٹی ہے شہداء نے اپنے خون کا نذرانہ دیکر جمہوریت کو پروان چڑھایا ہے آج لوگ پارٹی کی پالیسی اور مثبت اقدامات کو سراہتے ہوئے جماعت میں شامل ہو رہے ہیں جو ہمارے لئے خوش آئند اقدام ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو سعید احمد ایڈووکیٹ، ثناء اللہ خلجی اور دیگر کی جانب سے پارٹی میں شمولیت کے موقع پر کوئٹہ پریس کلب میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

ریاست اور عوام متحد ہو کر دہشت گردی کا مقابلہ کر رہے ہیں، ظہور بلیدی

بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات اور قربانیاں قابلِ تحسین ہیں

دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر کو کسی صورت متاثر نہیں کر سکتے، صوبائی وزیر کا سیکورٹی فورسز کے جوانوں کو خراج تحسین

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے قلات میں سیکورٹی فورسز جبکہ بھاگ کچھی میں بلوچستان پولیس اور اینٹی ٹیررسٹ فورس (اے ٹی ایف) کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے افسران اور جوانوں کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ قلات اور بھاگ کچھی میں سیکورٹی فورسز، بلوچستان پولیس اور اے ٹی ایف کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط عزم کا واضح اظہار ہیں۔ ہمارے بہادر جوانوں نے پیشہ ورانہ صلاحیت، جرأت اور عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنائے۔ انہوں

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

کمشنر لسبیلہ کا ترقیاتی منصوبوں سمیت زیر تعمیر ڈپٹی کمشنر کمپلیکس حب کا دورہ

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ضلع حب میں سرکاری محکموں کے جاری مختلف و ترقیاتی منصوبوں سمیت زیر تعمیر ڈپٹی کمشنر کمپلیکس حب کا دورہ اور معائنہ کیا متعلقہ ایگزیکٹو ڈیپارٹمنٹس کے افسران سے منصوبوں کی پیش رفت، معیارِ تعمیر، تکمیل کی مدت اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو متعلقہ افسران کی جانب سے جاری و مکمل شدہ ترقیاتی منصوبوں

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی سے مشیر ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

ملاوٹ شدہ اشیائے خوردونوش اور غیر معیاری ادویات کی کھلی عام فروخت جاری

شہر اور گردونواح میں بیماریوں کے تیزی سے پھیلنے کا خدشہ، نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) شہر اور گردونواح میں بیماریوں کے تیزی سے پھیلنے کی سب سے بڑی وجہ کیمیکل سے تیار کردہ ملاوٹ شدہ اشیائے خوردونوش اور غیر معیاری ادویات کی کھلی عام فروخت بن چکی ہے۔ دودھ اور بیکری مصنوعات میں کیمیکلز کا استعمال مقامی ذرائع کے مطابق خضدار شہر میں اصلی دودھ کی جگہ کیمیکلز اور مضرِ صحت اجزاء سے تیار کردہ دیسی دودھ اور دہی فروخت ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ شہر کی مشہور بیکریوں میں بھی چینی اور انڈوں کی جگہ کیمیائی مواد (کیمیکل سبسٹیٹ) اور مصنوعی اجزاء کا استعمال کیا جا رہا ہے، جو شہریوں کی

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

حاجی صلاح الدین نورزئی کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، غفار خان کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات غفار خان کاکڑ نے کوئٹہ کے علاقے مسلم آباد میں ممتاز تاجر حاجی صلاح الدین نورزئی کو نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید کیے جانے کے واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک بے گناہ اور معزز شہری کا دن دیہاڑے قتل انتہائی افسوسناک، قابلِ مذمت

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

ٹیبل شاخ میں فوری طور پر زرعی پانی فراہم کیا جائے

کسانوں اور زمینداروں نے احتجاجاً قومی شاہراہ بلاک کر دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این ائی) نصیر آباد ٹیبل شاخ میں زرعی پانی کی قلت کے خلاف سینکڑوں کسانوں اور زمینداروں کا شدید احتجاج شاہی چوکی کے مقام پر قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا گیا سندھ اور بلوچستان کے درمیان ٹریفک نظام کئی گھنٹوں تک معطل ہزاروں مسافر شدید گرمی اور حبس میں پھنس کر رہ گئے سینکڑوں گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی پانی کی فراہمی کا مطالبہ پولیس کے مطابق نصیآباد کے علاقے ٹیبل شاخ میں زرعی پانی کی بدترین قلت کے خلاف کسان اور زمین دار سراپا احتجاج بن گئے سینکڑوں کی تعداد میں شاہی چوکی کے مقام پر قومی شاہراہ کو بلاک

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد میں ٹرین سروس کئی سال سے بند ہونے کے باعث شہریوں کو شدید سفری مشکلات کا سامنا

اوستہ محمد (این این آئی) اوستہ محمد میں ٹرین سروس کئی سال سے بند ہونے کے باعث شہریوں کو شدید سفری مشکلات کا سامنا ہے۔ ریلوے سروس کی بندش سے نہ صرف اوستہ محمد بلکہ گردونواح کے علاقوں کے عوام بھی سستی، محفوظ اور آسان سفری سہولت سے محروم ہوگئے ہیں۔ شہریوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، بزم محفل ذکر الٰہی و ذکر حبیب ﷺ کے زیر اہتمام عظیم الشان محفل میلاد سے دعوت اسلامی کے صوبائی ناظم و اتحاد اہلسنت کے رکن شوریٰ علامہ شہزاد عطاری خطاب کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
''روزنامہ عوام''
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

900 نوجوانوں کو سوشل چینج ایجنٹس کے طور پر تربیت دی جائے گی، چیف سیکرٹری بلوچستان

صوبائی حکومت عوام کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں جدید فنی و پیشہ ورانہ تربیت سے آراستہ کرنے کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے

حکومت بلوچستان کے عوام کو ترقی کے ثمرات ان کی دہلیز تک پہنچانے اور صوبے کے نوجوانوں کو روشن و محفوظ مستقبل فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی، شکیل قادر خان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ''رائز'' (RISE) پروگرام کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پروگرام کے مختلف منصوبوں، اب تک کی پیش رفت اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں جدید فنی و پیشہ ورانہ تربیت سے آراستہ کرنے کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح عوام کی فلاح و بہبود، معاشی خودمختاری اور معیارِ زندگی میں بہتری ہے، اسی مقصد کے تحت ایسے منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں جو نوجوانوں کو روزگار، ہنر اور

(بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق مختلف ٹرانسمیشن لائن اور گرڈ اسٹیشنوں پر ضروری کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 132kv اوستہ محمد۔ روجھان جمالی ٹرانسمیشن لائن پر ٹاورز کی تنصیب کے کام کیلئے 5 ستمبر سے 13 ستمبر تک (روزانہ) 132kv اوستہ محمد اور جھل مگسی گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 7 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ دریں اثناء نیشنل گرڈ کمپنی (این جی سی)

(بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

ڈھاڈر کے قریب ٹریفک حادثے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سمیت 3 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پچھی ڈھاڈر کے قریب ٹریفک حادثہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صحبت پور سمیت تین افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو سول اسپتال ڈھاڈر منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق کچھی ڈھاڈر پولیس تھانے کی حدود قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صحبت پور عبدالحمید ابڑو و دیگر انکے دو ساتھی زخمی ہوگئے زخمیوں کو فوری طور پر سول اسپتال ڈھاڈر منتقل کر دیا گیا جبکہ حادثے میں انکی گاڑی کو نقصان پہنچا واقعے کے بارے میں تحقیقات ڈھاڈر پولیس کر رہی ہے۔

نوشکی بازار میں فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق

نوشکی (آن لائن) نوشکی بازار میں فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق، پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ سے جاں بحق پولیس اہلکار کی شناخت عبدالناصر کے نام سے ہوئی نعش ٹیچنگ ہسپتال منتقل، پولیس واقعہ کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

حب' کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء، ساکران محمد مراد گوٹھ میں اسکول کے دورے کے موقع پر محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے انجینئر کو احکامات دے رہی ہیں

شہر کے مختلف اسکولوں میں صفائی و آگہی مہم کا انعقاد

ماحول کو صاف رکھنے کے حوالے سے شعور اجاگر کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر بگٹی کے صاف ستھرا کوئٹہ ویژن کے تحت صفا کوئٹہ کی جانب سے شہر کے مختلف اسکولوں میں صفائی و آگہی مہم کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد طلبہ کو صفائی ستھرائی، حفظانِ صحت اور صاف و صحت مند ماحول کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے۔ صفائی مہم کے دوران اسکولوں کے احاطوں اور اطراف میں صفائی ستھرائی کے اقدامات کیے گئے، جبکہ طلبہ میں صفائی کی اہمیت اور اپنے ماحول کو صاف رکھنے کے حوالے سے شعور اجاگر کیا گیا۔ صفا کوئٹہ حکام نے کہا کہ صاف ستھرا اور صحت مند ماحول معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور طلبہ کو

(بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

شہر میں چوری، ڈکیتی کی مسلسل وارداتیں باعثِ تشویش ہیں، کاشف حیدری

چوری، ڈکیتی اور موبائل و موٹر سائیکل چھیننے کے واقعات میں اضافہ تشویشناک ہے

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے شہر کے مختلف علاقوں میں بلا فاصلہ مسلسل پیش آنے والے چوری، ڈکیتی اور چھینا جھپٹی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان وارداتوں کے باعث شہریوں اور تاجروں میں تشویش بڑھ رہی ہے اور انہیں اپنے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں میں موبائل فون اور موٹر سائیکل چھیننے سمیت چوری اور ڈکیتی کے واقعات سامنے آ رہے ہیں، جس سے نہ صرف شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس پیدا ہو رہا ہے بلکہ کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ تاجر برادری پہلے ہی مختلف معاشی مسائل سے دوچار ہے، اس لیے ضروری ہے کہ انہیں پرامن اور محفوظ ماحول فراہم کیا جائے تاکہ وہ اطمینان کے ساتھ اپنا کاروبار جاری رکھ

(بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان صوبے میں جاری فروٹ گرین اینگرو مارکیٹ اور لائیو اسٹاک کے منصوبوں پر منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں